عمران خان کو جیل میں 3 سال مکمل، بانی پی ٹی آئی کو دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل میں 3 سال مکمل ہو گئے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری کرتے ہوئے انہیں قید تنہائی میں رکھنے، امتیازی یا غیر مساوی سلوک کی تردید کر دی۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ جیلوں میں قید تنہائی کا نظام تقریباً ختم ہو چکا اب یہ رائج نہیں، نہ ہی عدالتیں طویل عرصے سے ایسی سزا دے رہی ہیں، اڈیالہ جیل میں کوئی بھی قیدی بشمول بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں نہیں رکھا گیا

★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ
تعمیر وطن
کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

نیب بلوچستان میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

کوئٹہ (پ ر) بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے غیرت مند اور مظلوم عوام کے ساتھ کامل یکجہتی کے اظہار کے لیے قومی احتساب بیورو (بلوچستان) میں "یوم استحصال کشمیر" نہایت احترام اور عزم کے ساتھ منایا گیا۔ یہ دن ہر سال 5 اگست کو "یوم سیاہ" کے طور پر منایا جاتا ہے تاکہ 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت کے ان یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرایا جا سکے، جن کے تحت آئین کی دفعات 370 اور 35A- کو ختم کر کے مقبوضہ وادی کی خصوصی آئینی حیثیت سلب کرنے اور اس پر غاصبانہ قبضہ جمانے کی کوشش کی گئی تھی۔

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 309 بروز جمعرات 6 اگست 2026ء 21 صفر 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

بزرگ شہری ہمارے معاشرے کی اجتماعی دانش، تجربے اور تاریخ کے امین ہیں، گورنر بلوچستان



کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ایک مہذب اور ترقی یافتہ معاشرے کی پہچان یہ ہے کہ وہ اپنے بزرگوں کو بوجھ نہیں بلکہ اپنی سب سے قیمتی اثاثہ اور فکری رہنمائی کا سرچشمہ سمجھے۔ سینئر سٹیزنز کو ہمارے قانون اور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کے ایک اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد نے چیف آف غرشین سردار سید اسد زمان غرشین کی قیادت میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق صوبا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

اسحاق ڈار یروشلم وزارتی اجلاس میں شرکت کے لیے اردن پہنچ گئے، دفتر خارجہ



اسلام آباد، عمان (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس میں شرکت کے لیے اردن پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ علاقائی صورتحال، مقبوضہ فلسطینی علاقوں اور باہمی امور پر عالمی رہنماؤں سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ تر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش جس کی منظوری پورے ایوان نے مشترکہ طور پر دے دی

بلوچستان اسمبلی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال پر مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ طور پر منظور

ان اقدامات کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، بلوچستان اسمبلی نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بلوچستان صوبائی اسمبلی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال اور بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور کر لیا قرارداد وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی قرارداد میں 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35(A) کو یکطرفہ طور پر منسوخ کرنے کے اقدام کو غیر آئینی، غیر قانونی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

پاکستان اپنے بہترین ہمسایہ اور برادر ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، خطے میں امن کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا، شہباز شریف

وزیراعظم سے ایران کے وزیر صنعت، کان کنی و تجارت سید محمد اتابک کی سربراہی میں 6 رکنی وفد کی ملاقات، پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرحدی تجارت اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

پاکستان اور ایران کا دوطرفہ تجارت 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ

خطے میں پائیدار امن کے قیام اور پاکستان ایران دوطرفہ تعلقات، بالخصوص تجارت کے مزید فروغ کے حوالے سے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے حال ہی میں اچھی گفتگو ہوئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ایران کے وزیر صنعت، کان کنی و تجارت سید محمد اتابک کی سربراہی میں 6 رکنی وفد نے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تعلقات، تجارت، سرحدی تجارت اور خطے کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اپنے بہترین ہمسایہ اور برادر ملک اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ پاکستان خطے میں امن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے ایران کے وزیر صنعت، کان کنی اور تجارت ایچ ای سید محمد اتابک ملاقات کر رہے ہیں

کراچی کی بندرگاہوں کیلئے تاریخی مراعاتی پیکج کا اعلان

ٹرانس شپمنٹ جہازوں کو پورٹ ہینڈلنگ چارجز میں 80 فیصد تک رعایت دی جائے گی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے پاکستان کو علاقائی ٹرانس شپمنٹ حب بنانے کیلئے ایک جامع پالیسی متعارف کراتے ہوئے کراچی کی بندرگاہوں کیلئے تاریخی ٹرانس شپمنٹ مراعاتی پیکج کا اعلان کیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد ٹرانس شپمنٹ کارگو کی ہینڈلنگ لاگت میں تاریخی کمی لانا اور بحری تجارت کو فروغ دینا ہے۔ اسلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

پاکستان ہر محاذ پر کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سوراب

سوراب (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) سوراب کی زیر قیادت یوم استحصال کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سوراب میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

فوج سے مکمل رابطہ ہے، سپریم لیڈر سے اختلافات اور مستعفی ہونے کی خبریں غلط ہیں، ایرانی صدر

حکومت اور مسلح افواج کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور رابطہ موجود ہے۔ اگر مستعفی ہونے کا فیصلہ کروں گا تو اس کا اعلان خود کروں گا

تہران (آئی این پی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے استعفیٰ دینے پر غور سے متعلق خبروں کو افواہیں قرار دے کر مسترد کر دیا۔ صدر پزشکیان نے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای سے اختلافات کی خبروں کی بھی تردید کرتے ہوئے کہا کہ سپریم لیڈر سے کوئی اختلاف نہیں، اپنے عہدے پر برقرار رہتے ہوئے بطور صدر ذمہ داریاں انجام دیتا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

ترقیاتی منصوبے مقررہ معیار اور مدت میں مکمل کیے جائیں، حبیب احمد بنگلزئی

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کے تمام سرکاری محکموں کے سربراہان اور متعلقہ اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران تمام محکموں کے افسران نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

بلوچستان حکومت کا کوئلہ کان حادثے کی تحقیقات 3 مختلف سطحوں پر کرانے کا فیصلہ

تحقیقات میں کورٹ آف انکوائری، محکمانہ انکوائری اور وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم شامل

صرف تحقیقاتی رپورٹس کافی نہیں، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی اور کان کنوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان حکومت نے کوئٹہ کے نواحی علاقے سورینج میں کوئلہ کان حادثے کی تحقیقات تین مختلف سطحوں پر کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق تحقیقات میں کورٹ آف انکوائری، محکمانہ انکوائری اور وزیراعلیٰ معائنہ ٹیم شامل ہیں، تینوں تحقیقات کی رپورٹس 15 روز سے ایک ماہ کے اندر پیش کی جائیں گی۔ خیال رہے کہ کان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کا نمائندہ وفد چیف آف غرشین سردار سید اسد زمان غرشین کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

یوم استحصال کشمیر کے موقع پر وزیراعظم رابطہ فیصل ممتاز راٹھور اور حریت کانفرنس کی مشترکہ کال پر وزیراعظم سیکرٹریٹ سے یادگار شہدا تک کشمیر لبریشن سیل کے زیر اہتمام ایک بہت بڑی احتجاجی ریلی نکالی

پاکستان سمیت دنیا بھر میں یوم استحصال کشمیر قومی یکجہتی اور تجدید عہد کے ساتھ منایا گیا

حریت کانفرنس نے اقوام متحدہ کے مشن دفتر جا کر مقبوضہ جموں و کشمیر میں نہتے عوام کی خونریزی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں جارحیت کے خلاف سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹریس کے نام احتجاجی میمورنڈم پیش کیا

بحالی اعتماد کمپوزٹ ڈائیلاگ بس سروس ٹریڈ وفود کے تبادلوں سمیت بیک ڈور ڈپلومیسی اہل کشمیر کو فائدہ نہیں پہنچا سکی ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے پاکستان سے رشتہ کیا لا الہ الا اللہ کے عزم پر نسل در نسل کاربند ہیں

مظفر آباد (آن لائن) کشمیری عوام نے بھارت کی جانب سے پانچ اگست دو ہزار انیس میں آرٹیکل تین سو ستر اور دفعہ پینتیس اے میں آئینی ترمیم کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے آزادی پسند پرامن عوام کی نسل کشی کے خلاف ریاست جموں و کشمیر کے دونوں اطراف، پاکستان کے چاروں صوبوں سمیت دنیا بھر میں یوم استحصال کشمیر قومی یکجہتی اور اس تجدید عہد کے ساتھ منایا گیا کہ جب تک چوراسی ہزار چار سو بارہ مربع میل سے زائد ناقابل تقسیم وحدت اپنا بنیادی پیدائشی حق خود ارادیت حاصل نہیں کر لیتی اس وقت تک آخری کشمیری کے آخری (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سردار حق نواز خان بزدار کی قیادت میں موسیٰ خیل کے بزدار عمائدین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

باقی ماندہ تکنیکی معاملات نمٹانے اور باہمی تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ

پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی معاہدے کی راہ ہموار، مذاکرات میں اہم پیش رفت

وزیر خزانہ کی امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر سے ورچوئل ملاقات، پاک امریکا تجارتی مذاکرات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور امریکا کے درمیان مجوزہ تجارتی فریم ورک پر جاری مذاکرات میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ دونوں ممالک نے جلد از جلد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے، باقی ماندہ تکنیکی معاملات نمٹانے اور باہمی تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ٹرانسپورٹرز کا جماعت اسلامی کے احتجاج کی حمایت کا اعلان

آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین 7 اگست کی ہڑتال میں شریک ہوں گے

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین نے بلوچستان میں بدامنی، بڑھتی ہوئی مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات پر مبینہ بھتہ خوری، قومی شاہراہوں پر مخدوش امن و امان کی صورتحال اور ٹرانسپورٹرز کو درپیش مشکلات کے خلاف جماعت اسلا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

ڈیرہ بگٹی ڈی ایس پی پولیس ساتھ عبدالجبار مگسی دل کا دورہ پڑنے پر وفات پا گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ڈی ایس پی پولیس ساتھ عبدالجبار مگسی دل کا دورہ پڑنے پر وفات پا گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی ساتھ ڈی ایس پی عبدالجبار مگسی دل کا دو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا پولیس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

پولیس سے اسلحہ واپس لینے کے احکامات فوری منسوخ کیے جائیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

پولیس تھانوں کو غیر فعال کرنا عوام کو غیر محفوظ کرنے کے مترادف ہے

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری ہونے والے مذمتی بیان میں ضلع قلعہ سیف اللہ کے مختلف پولیس تھانوں سے اسلحہ واپس لینے اور انہیں عملاً بند کرنے اور غیر مؤثر بنانے کے فیصلے پر شدید تشویش، افسوس اور مذمت کا اظہار (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ سات دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، شہباز شریف

پاکستان اور جاپان شراکت داری کو نئی وسعت دینے پر اتفاق

جائیکا کا صحت، تعلیم اور صنعتی ترقی میں تعاون بڑھانے کا عزم، معاشی اصلاحات سے پاکستان میں ترقی کی نئی بنیاد رکھ دی

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ساتھ سات دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جبکہ جائیکا کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکیہکو کے دورہ پاکستان سے دونوں ممالک کے تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے جائیکا کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکیہکو کی قیادت میں 9 رکنی وفد نے ملاقا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

قومی ترانے کے دوران کھڑے نہ ہونے پر 35 سے زائد طلبہ کے اخراج کا دعویٰ

دوبارہ داخلے کیلئے والدین سے حلف نامے طلب کیے گئے، عمران بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (نسٹ) کے کوئٹہ کیمپس میں پاکستانی قومی ترانے کے دوران کھڑے نہ ہونے اور ترانہ نہ پڑھنے پر 35 سے زائد طلبہ و طالبات کو یونیورسٹی سے خارج کیے جانے کا دعویٰ سامنے آیا ہے، تاہم اس حوالے سے یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے تاحال کوئی باضابطہ موقف جاری نہیں کیا گیا۔ کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے وکیل اور انسانی حقوق کے کارکن عمران بلوچ نے سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ قومی ترانے کی تقریب کے دوران 35 سے زائد طلبہ و طالبات کھڑے نہیں ہوئے، جس کے بعد انہیں یونیورسٹی سے خارج کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ طلبہ میں بلوچ اور غیر بلوچ دونوں شا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاؤنسز منجمد کر دیئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاؤنسز منجمد کر دیے، نئے اور پرانے ملازمین کیلئے 2023 اور 2024 والے ایڈہاک ریلیف الاؤنسز کی شرح مقرر کر دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق ایڈہاک ریلیف الاؤنس کی شرح مزید بڑھنے کے بجائے اسی سطح پر فریز رہیں گی، ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2023، پہلے ہی 30 جون 2023 کی سطح (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی برآمدات میں بڑا اضافہ

جولائی 2026 میں ماہانہ بنیادوں پر پاکستان کی برآمدات میں 31.09 فیصد اضافہ ہوا، ادارہ شماریات

سالانہ بنیادوں پر برآمدات 9.54 فیصد بڑھ گئیں درآمدات میں 17.99 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا

اسلام آباد (آن لائن) خطے میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود نئے مالی سال کے پہلے ماہ پاکستان کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ادارہ شماریات پاکستان نے جولائی 2026 کے تجارتی اعداد و شمار جاری کر دیے۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی 2026 میں ماہانہ بنیادوں پر پاکستان کی برآمدات میں 31.09 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سالانہ بنیادوں پر برآمدات 9.54 فیصد بڑھ گئیں۔ رپورٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

افغان طالبان رجیم کی ظلم و زیادتیوں کے خلاف مسلح مزاحمت میں تیزی

افغان طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں کے باعث مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے

کابل (یو این اے) افغانستان میں جاری ظلم اور ہوشربا مہنگائی سے تنگ افغان شہری اب کھلم کھلا طالبان رجیم کیخلاف بغاوت پر اتر آئے۔ کابل شہر سے افغان شہری (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان میں اہم پیش رفت، محفوظ بحری راستے پر اتفاق ہو گیا

اس انتظام کا مقصد بحری ٹریفک کو منظم کرنا اور تصادم یا فوجی کشیدگی کے خطرات کم کرنا ہے

تہران (م ڈ) عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے تصدیق کی ہے کہ تجارتی جہازوں کی آمد و رفت کے لیے مجوزہ بحری راستے کے جغرافیائی نقاط پر عمان کے ساتھ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

مستونگ، چھنبیلی کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے علاقے چھنبیلی کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے دوران شہری کی فائرنگ سے ایک مبینہ ڈاکو موقع پر ہی ہلاک ہو گیا۔ ذرائع (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال ای پبلک پروجیکٹس ریویو اینڈ مینجمنٹ اسٹیئرنگ کمیٹی کے 91ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ میں یوم استحصال کشمیر پر ریلی، کشمیریوں سے اظہار یکجہتی

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا

کوئٹہ (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک پروقار ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا مقصد مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرنا اور بھارت کے غیر قانونی و یکطرفہ اقدامات کے خلاف بھرپور آواز بلند کرنا تھا۔ ریلی کی قیادت حریت رہنما حسن بنا اسسٹنٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل ہی جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کی ضمانت ہے

اسحاق ڈار

پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کی منصفانہ جدوجہد کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کے یکطرفہ اقدامات بین الاقوامی قا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

لاہور ہائیکورٹ، پی ٹی آئی کی مینار پاکستان پر جلسے کی درخواست مسترد

لاہور (یو این اے) لاہور ہائیکورٹ میں پاکستان تحریک انصاف کی 5 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کی اجازت سے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

پیپلز پارٹی نے اتحادی حکومت کیلئے ڈھائی ڈھائی سال کے فارمولے کی تجویز دی تھی، حذیفہ رحمان

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر مملکت برائے قومی ورثہ و ثقافت حذیفہ رحما (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا اردن پہنچنے پر پرتپاک استقبال

عمان (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا اردن کے دارالحکومت عمان پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق اردن کی وزارت خارجہ کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

آصف زرداری نظام گرنے نہیں دیں گے، سنبھال لیں گے، رانا ثنا اللہ

مربوط بلدیاتی نظام ہونا چاہیے یا چھوٹے یونٹس بننے چاہیے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری نظام گرنے نہیں دیں گے بلکہ سنبھال لیں گے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اتوار کے روز ن لیگ کا اجلاس ہوگا۔ نواز شریف نے جو اجلاس بلایا ہے، اس میں نئے صوبوں سے متعلق بات کی جائے گی اور کئی اہم فیصلے ہوں گے۔ وزیراعظم کے مشیر کا کہنا تھا کہ مربوط بلدیاتی نظام ہونا چاہیے یا چھوٹے یونٹس بننے چاہیے۔ دونوں میں سے کسی ایک پر عمل کریں یا دونوں پر لیکن اتفاق رائے سے ہونا چاہیے۔ تاہم بلدیاتی انتخابات ہونے چا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

یوم استحصال کشمیر، وزرا و سیاسی رہنماں کا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی

مقبوضہ کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت تبدیل کرنے والے تمام اقدامات واپس لیے جائیں

اسلام آباد، لاہور، کراچی (آئی این پی) وفاقی وزرا اور دیگر سیاسی رہنماؤں نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے بھارت کے 5 اگست 2019 کے اقدامات کو غیر قانونی اور عالمی قوانین و اقوام متحدہ کی قراردادوں کے منافی قرار دیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات غیر قانونی اور عالمی قوانین کے منافی تھے، پاکستان یوم استحصال کشمیر پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ کرتا ہے اور ان کی اخلاقی، سیاسی اور سفا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا کی ملاقات

مقبوضہ جموں و کشمیر کی تازہ صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد حق خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے موقف اور اقدامات کو سراہا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مقبوضہ جموں و کشمیر کی تازہ صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد حق خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حسن بنا نے کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیراعلیٰ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

روزنامہ
تعمیر وطن
• ABC CERTIFIED •
TAMEER-E-WATAN

5 اگست 2019

5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنے کا اقدام غیر قانونی، یکطرفہ اور ناقابل قبول تھا جو اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ بدھ کو یومِ استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی حمایت پاکستان کی قومی پالیسی کا لازمی حصہ ہے اور پاکستان ہر سطح پر کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا اور ان کے جائز حقوق کے حصول کے لیے ہر عالمی فورم پر آواز بلند کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر میں کشمیری عوام کے بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا قیام مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور دیرپا حل سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی قربانیاں آزادی کی جدوجہد کی روشن علامت ہیں۔

بقیہ 01

س کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی قرارداد میں کہا گیا کہ آرٹیکل 370 مقبوضہ جموں وکشمیر کو خصوصی آئینی حیثیت، اپنا آئین، اپنا پرچم اور داخلی خودمختاری فراہم کرتا تھا جبکہ آرٹیکل 35(A) ریاست کے مستقل باشندوں کو سرکاری ملازمت، جائیداد اور سکونت کے خصوصی حقوق دیتا تھا۔ ان دفعات کے خاتمے کے ذریعے بھارت نے کشمیری عوام کی شناخت، آئینی حیثیت اور بنیادی حقوق سلب کرنے کی کوشش کی ہے ایوان نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ ان اقدامات کے ذریعے مقبوضہ جموں وکشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ غیر کشمیری افراد کو زمینوں کی خریداری اور سرکاری ملازمتوں تک رسائی دے کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے قرارداد میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں ریاستی دہشت گردی، محاصروں، ماورائے عدالت گرفتاریوں، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور میڈیا پر عائد پابندیوں کی بھی شدید مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ یہ اقدامات کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کی جائز امنگوں کو دبانے کی ناکام کوشش ہیں بلوچستان اسمبلی نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی اور قانونی حمایت جاری رکھے گا اور انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا قرارداد میں 5 اگست کو ہر سال "یوم استحصال کشمیر" کے طور پر منانے کی توثیق کرتے ہوئے اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ ملک بھر میں اس دن مختلف تقریبات کے ذریعے عالمی برادری کو بھارتی مظالم سے آگاہ کیا جائے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا ایوان نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے تاکہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر مؤثر اور فعال سفارتکاری کے ذریعے مزید بھرپور انداز میں اٹھایا جائے، جبکہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی قانونی اور سفارتی معاونت کے لیے ایک جامع قومی حکمت عملی بھی تشکیل دی جائے قرارداد کے اختتام پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کی عظیم قربانیوں، ثابت قدمی اور جدوجہد آزادی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا اور بارگاہ الٰہی میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو ظلم وجبر سے جلد نجات عطا فرمائے اور انہیں آزادی، امن اور انصاف کی نعمت سے سرفراز کرے۔

بقیہ 02

جمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار کے عمان پہنچنے پر اردن اور پاکستان کے سفارتخانے کے حکام نے ان کا استقبال کیا۔ نائب وزیراعظم یروشلم سے متعلق وزارتی اجلاس میں شرکت کریں گے، جس میں علاقائی امن وسلامتی اور فلسطین کی صورتحال پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق دورے کے دوران نائب وزیراعظم کی شاہ اردن عبداللہ دوم سے ملاقات بھی شیڈول ہے، جس میں دوطرفہ تعلقات، علاقائی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوگی۔ اسحاق ڈار اجلاس کے موقع پر مختلف ممالک کے وزرائے خارجہ سے بھی ملاقاتیں کریں گے، جن میں مقبوضہ فلسطینی علاقوں کی صورتحال، خطے میں امن واستحکام اور دوطرفہ تعاون کے معاملات زیر بحث آئیں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان عالمی سطح پر علاقائی امن، انسانی حقوق کے تحفظ اور فلسطینی عوام سے متعلق امور پر اپنا موقف اجاگر کرتا رہا ہے، جبکہ نائب وزیراعظم کا یہ دورہ سفارتی رابطوں کے فروغ کی کوششوں کا حصہ ہے۔

بقیہ 03

ئی وزیر مولانا غلام سرور، یونین کونسل اندرپڑہ اور یونین کونسل راژانم کے نمائندوں سمیت مختلف قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع موسیٰ خیل کو درپیش عوامی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ضلع کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی، مواصلاتی ڈھانچے کی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کی تجاویز اور سفارشات کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ دوردراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے مرحلہ وار تمام پسماندہ علاقوں کی ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال ضلع واشک کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکج دیا گیا تھا، جبکہ رواں سال حکومت کی خصوصی توجہ صوبے کے دیگر پسماندہ اضلاع کے ساتھ ساتھ موسیٰ خیل کی ترقی اور عوامی فلاح وبہبود پر مرکوز ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام قبائل اور عوام ہمارے اپنے ہیں، اور حکومت بلاامتیاز ہر علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کے کسی بھی ضلع یا علاقے کو ترقی کے سفر میں پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا ملاقات کے موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران زرکون اور اسٹاف آفیسر سید احمد شاہ غرشین بھی موجود تھے۔

بقیہ 04

قومی اقدار وروایات میں نہایت قابل احترام مقام حاصل ہے۔ بزرگ شہری ہمارے معاشرے کی اجتماعی دانش، تجربے اور تاریخ کے امین ہیں جنہوں نے اپنی پوری زندگی قوم کی خدمت اور نئی نسل کی تربیت میں صرف کی ہیں۔ ان خیالات کا انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں سابقہ سینیٹر روشن خورشید بروچہ کی قیادت میں سینئر سٹیزن پر مشتمل وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہماری بھرپور خواہش اور کوشش ہے کہ سینئر سٹیزن ریٹائرمنٹ کے بعد کسی قسم کے مالی عدم تحفظ، صحت کے مسائل یا معاشرتی عدم توجہی کا شکار نہ ہوں۔ انکے وقار، معیاری طبی سہولیات، سماجی تحفظ اور بنیادی خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنانا حکومت، معاشرے اور ہر فرد کی ذمہ داری ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ رعایتی نرخوں پر ادویات کی فراہمی، سفری سہولیات میں خصوصی رعایتیں، عمررسیدہ دوست عوامی مقامات اور دیگر ضروری سہولتوں کی فراہمی بزرگ شہریوں کے بنیادی حقوق میں شامل ہیں۔ اسی طرح خاندانی سطح پر بھی ان کی عزت، محبت، خدمت اور بھرپور توجہ ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ نئی نسل اپنے بزرگوں کے علم، بصیرت اور تجربات سے استفادہ کرسکتی ہے۔ تعلیمی اداروں کی سطح پر رہنمائی کے پروگرام، کمیونٹی کونسلو اور غیررسمی نشستوں کے ذریعے انکے قیمتی تجربات اور زندگی بھر کی دانش آئندہ نسلوں تک منتقل کی جاسکتی ہے۔ گورنر جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ایک ایسے متوازن معاشرہ کی تشکیل بہت ضروری ہے جہاں ہر سینئر سٹیزن خود کو محفوظ، باوقار، بااختیار اور معاشرے کا فعال ومحترم فرد محسوس کرے۔ وفد نے گورنر بلوچستان کو اپنے درپیش تمام مسائل و مشکلات سے کیا جس پر گورنر بلوچستان اپنے ہرممکن تعاون فراہم کرنے کا یقین دلایا۔

بقیہ 05

کے لیے اپنی مخلصانہ کوششیں جاری رکھے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن کے قیام اور پاکستان ایران دوطرفہ تعلقات، بالخصوص تجارت کے مزید فروغ کے حوالے سے ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے حال ہی میں اچھی گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مسلسل کوششوں کے نتیجے میں دونوں ممالک کی قیادت کی جانب سے مقرر کردہ 10 ارب ڈالر کا دوطرفہ تجارت کا ہدف حاصل کرلیا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ تجارت، بالخصوص خوراک، زرعی اجناس اور مصنوعات کی تجارت کے فروغ سے دونوں ممالک کو فائدہ ہوگا۔ ملاقات میں پاکستان اور ایران نے سرحدی تجارت کے فروغ اور 24 گھنٹے بارڈر کھلا رکھنے "" کے لیے سہولیات میں اضافے، بہتر لاجسٹکس اور کسٹمز کے طریقہ کار میں ہم آہنگی لانے پر اتفاق کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان کان کنی کے شعبے، خصوصاً قیمتی پتھروں کی پراسیسنگ اور ویلیو ایڈیشن میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای اور صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان کے لیے نیک تمناؤں کا پیغام بھی دیا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر صنعت، کان کنی وتجارت سید محمد اتابک نے پرتپاک استقبال اور شاندار میزبانی پر پاکستان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے خطے میں امن کے لیے پاکستان کی مخلصانہ سفارتی کوششوں اور ایران کے ساتھ اظہار یکجہتی پر پاکستانی قیادت اور عوام کو خراج تحسین پیش کیا۔ سید محمد اتابک نے کہا کہ ایران پاکستان کے ساتھ اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے (FTA) کے حوالے سے تکنیکی سطح پر مذاکرات جاری ہیں۔ ملاقات میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، علی پرویز ملک، جنید انور چوہدری، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاونین خصوصی سید طارق فاطمی، ہارون اختر اور طلحہ برکی سمیت متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 06

ہوں گا۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کو انٹرویو میں ان کا کہنا تھا کہ حکومت اور مسلح افواج کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور رابطہ موجود ہے۔ اگر مستعفی ہونے کا فیصلہ کروں گا تو اس کا اعلان خود کروں گا، فی الحال مستعفی ہونے کا کوئی ارادہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر جان بوجھ کر یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ ایرانی حکومت اور سپریم لیڈر کے درمیان اختلافات موجود ہیں، حالانکہ حقیقت اس کے برعکس ہے۔ صدر پزشکیان نے کہا ان کی حکومت اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کر رہی ہے اور قومی مفادات کے تحفظ کیلئے تمام ریاستی ادارے باہمی تعاون کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ اس سے قبل ایرانی صدر کے ڈپٹی انفارمیشن افسر مہدی طباطبائی نے کہا تھا کہ سیاسی انتہاپسند افواہیں پھیلا رہے ہیں تاکہ قومی اتحاد کو نقصان اور ایران کے دشمنوں کے مفادات کو فائدہ پہنچایا جائے۔ اور ایران کے مخالفین کو فائدہ حاصل ہو۔

بقیہ 07

اپنے اپنے اداروں کی کارکردگی، جاری منصوبوں، درپیش مسائل اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں BSDI فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت ضلع بھر میں سرکاری اسکولوں، بنیادی مراکز صحت (BHUs)، سڑکوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر مکمل ہونے والے اور زیر تکمیل ترقیاتی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تمام منصوبے مقررہ معیار اور مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو بروقت سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس میں ضلع چمن میں نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیوں کے معاملے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اس حوالے سے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ، قانونی تقاضوں پر عملدرآمد اور حکومتی ہدایات کے مطابق مربوط اقدامات کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا تاکہ قانون کی عملداری برقرار رہے اور غیر قانونی سرگرمیوں کی مؤثر روک تھام ممکن بنائی جا سکے۔ اجلاس میں یوم آزادی 14 اگست کی تقریبات اور تیاریوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے تمام سرکاری محکموں کو ہدایت جاری کی کہ آج ہی سے تمام سرکاری دفاتر، تعلیمی اداروں اور سرکاری عمارتوں پر قومی پرچم لہرائے جائیں، عمارتوں کی صفائی، تزئین وآرائش، روشنیوں اور دیگر انتظامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں تاکہ ضلع بھر میں یوم آزادی قومی جذبے، جوش وخروش اور بھرپور انداز میں منایا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے اجلاس کے اختتام پر تمام اداروں پر زور دیا کہ باہمی رابطے، مؤثر ہم آہنگی اور ذمہ دارانہ انداز میں فرائض کی انجام دہی کو یقینی بنایا جائے تاکہ عوام کو بہتر سرکاری خدمات کی فراہمی اور ضلع میں جاری ترقیاتی و انتظامی امور کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ 08

میں کیس دھماکے سے 34 قیمتی انسانی جانیں چلی گئیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ صرف تحقیقاتی رپورٹس کافی نہیں، ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی اور کان کنوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 09

یک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں طلبہ نے یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے تقاریر، ملی نغمے، خوبصورت ٹیبلوز اور مختلف خاکے پیش کیے، جن کے ذریعے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور ان کی جدوجہد آزادی کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا گیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں کشمیری عوام کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے اور اس عزم کی تجدید کا دن ہے کہ پاکستان ہر محاذ پر کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ تقریب کے اختتام پر ملکی سلامتی، استحکام اور کشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 10

م آباد میں پریس کانفرنس اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر بحری امور نے کہا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق بحری شعبے میں اصلاحات کا سلسلہ جاری ہے، اور چیئرمین کراچی پورٹ اور پورٹ قاسم کی قیادت میں بندرگاہی تجارت کو بھرپور فروغ ملا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ٹرانس شپمنٹ جہازوں کو پورٹ ہینڈلنگ چارجز میں 80 فیصد تک رعایت دی جائے گی، جبکہ تمام پرانے ٹرانس شپمنٹ ایس آر اوز اور نوٹیفکیشنز فوری طور پر ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس موقع پر چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل ریٹائرڈ شاہد احمد نے بتایا کہ زیادہ ٹرانس شپمنٹ کارگو لانے والے جہازوں کو زیادہ مراعات دی جائیں گی، جس سے جہازوں کے ٹرن اراؤنڈ ٹائم میں تاریخی کمی آئے گی۔ نئے مراعاتی پیکج کے تحت کراچی پورٹ پر وہارٹیج میں 20 سے 80 فیصد تک رعایت دی گئی ہے، جہاں کراچی پورٹ پر 14 روز جبکہ ٹی پی ایکس ایریا میں 30 روز تک فری اسٹوریج کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اسی طرح پورٹ قاسم پر وہارٹیج میں 100 فیصد رعایت دی جائے گی، اور پورٹ قاسم کے ٹرمینلز پر 7 روز مفت اسٹوریج ہوگی جس میں 21 روز تک توسیع کی جاسکتی ہے۔ مزید برآں، کنٹینر ٹرمینلز نے بھی مسابقتی ماحول پیدا کرنے کیلئے ٹرمینل ہینڈلنگ چارجز میں 25 فیصد تک کمی کردی ہے۔

بقیہ 11

سانس تک قربانیوں کا تسلسل جاری رہے گا، اس موقع پر حریت کانفرنس اور حکومتی شخصیات نے اقوام متحدہ کے مشن دفتر جاکر مقبوضہ جموں وکشمیر میں نہتے عوام کی خونریزی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور جارحیت کے خلاف سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے نام احتجاجی میمورنڈم پیش کیا یوم استحصال کشمیر کے موقع پر وزیراعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور اور حریت کانفرنس کی مشترکہ کال پر وزیراعظم سیکرٹریٹ سے یادگار شہداء تک کشمیر لبریشن سیل کے زیر اہتمام ایک بہت بڑی احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت ترجمان حکومت آزاد کشمیر شوکت جاوید میر، حریت کانفرنس کے رہنماؤں چوہدری شاہین، عبدالمجید میر، سیکرٹری سیل چوہدری عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر لبریشن سیل راجہ سجاد لطیف، مشتاق السلام، سردار ساجد محمود، عدیل مشتاق، محمد شفیق ڈار، تنزیل حسین کے علاوہ سیکرٹری صاحبان محکمہ جات کے سربراہان سیاسی سماجی زعماء نے کی ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان و آزاد کشمیر کے جھنڈے، پینافلیکسز بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے جن پر پاکستان تحریک آزادی کشمیر کی حمایت میں تحریریں درج تھیں، شرکاء نے پاکستان زندہ آباد بھارت مردہ آباد ہے حق ہمارا آزادی ہم لے کے رہیں گے آزادی کے فلک شگاف جذباتی نعرے لگائے یادگار شہداء پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان وزیراعظم آزاد کشمیر شوکت جاوید میر نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے بدلتے ہوئے عالمی حالات کے پیش نظر دونوں اطراف کی کشمیری قیادت پر مشتمل قومی کشمیر کانفرنس اور قومی اسمبلی و سینیٹ کا مشترکہ اجلاس طلب کرنے کا پرزور مطالبہ کردیا اور بیرون ممالک منقسم خاندانوں الیکٹرانک پرنٹ میڈیا دانشوروں سمیت تاریخ کشمیر پر دسترس رکھنے والی شخصیات کے وفود بیرون ممالک بھیجنے از بس لازم ہیں انہوں نے کہا انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور مسلسل جارحانہ بھارتی پالیسوں کے خلاف انسانی حقوق اور جنگی جرائم کی عالمی عدالتوں میں بھارت کے خلاف مقدمات درج کروائے جائیں اقدامات برائے بحالی اعتماد کمپوزٹ ڈائیلاگ بس سروس ٹریڈ وفود کے تبادلوں سمیت بیک ڈور ڈپلومیسی اہل کشمیر کو فائدہ نہیں پہنچا سکی ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا پاکستان سے رشتہ کیا لاالہ الا اللہ کے عزم پر نسل درنسل کاربند ہیں چیف آف ڈیفنس فورسز حافظ سید عاصم منیر کی قیادت میں پاکستان کو ملنے والی عظیم الشان فتح کے بعد بھارت عالمی سطح پر تنہائی کا شکار ہے اور مسئلہ کشمیر نیوکلیئر فلش پوائنٹ بن چکا ہے کشمیر بھارتی جابرانہ قبضے سے آزاد ہوکر پاکستان کے ساتھ شامل ہوجائے گا ایک سوال کے جواب میں شوکت جاوید میر نے کہا قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی قومی کشمیر و خارجہ پالیسیاں قوم اور حکومتوں کیلئے مستند روڈ میپ ہیں

بقیہ 12

کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر سے ورچوئل ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تجارتی مذاکرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرخزانہ نے مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا کے ساتھ مضبوط تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داری پاکستان کی اہم ترجیح ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے اتفاق کیا کہ باقی ماندہ امور کو تکنیکی سطح پر جلد از جلد حل کیا جائے گا، جبکہ مذاکرات کی رفتار برقرار رکھنے اور تجارتی فریم ورک کو حتمی شکل دینے کے لیے قریبی رابطے جاری رکھے جائیں گے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ امریکا کے ساتھ مضبوط تجارتی تعلقات پاکستان کی برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کی حکمت عملی کا اہم حصہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون سے تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری مواقع میں مزید اضافہ ہوگا، جس سے دونوں معیشتوں کو فائدہ پہنچے گا۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے درمیان جاری تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا تاکہ سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر نے مذاکرات میں پاکستان کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے لیبر اور ریگولیٹری اصلاحات کے شعبے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے جبری مشقت سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے پاکستان کے اقدامات کی بھی تعریف کی۔ دونوں فریقوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنایا جائے گا اور جلد ایک ایسے تجارتی فریم ورک کو حتمی شکل دی جائے گی جو دونوں ممالک کے کاروباری اور سرمایہ کاری مفادات کے لیے سودمند ثابت ہو۔

بقیہ 13

ئی بلوچستان کی جانب سے 7 اگست کو دی گئی پہیہ جام ہڑتال، دھرنے اور احتجاج کی مکمل حمایت کا اعلان کردیا۔ یہ اعلان آل بلوچستان بس یونین کے دفتر جبل نور، کوئٹہ میں ہونے والی ملاقات کے دوران کیا گیا، جہاں جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی امیر اور رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن نے اپنے وفد کے ہمراہ ٹرانسپورٹرز رہنماؤں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر آل بلوچستان بس یونین کے رہنماؤں ظاہر شاہ کاکڑ، وزیر خان کاکڑ، حبیب اللہ خان، عبدالمتین اور اقبال سرگڑھ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان کے عوام گزشتہ کئی برسوں سے بدامنی، معاشی بدحالی، بے روزگاری، قومی شاہراہوں پر عدم تحفظ اور پٹرولیم مصنوعات پر غیر ضروری اخراجات و سیمینٹ بھتہ خوری جیسے سنگین مسائل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کی احتجاجی تحریک کسی سیاسی مفاد کے لیے نہیں بلکہ عوام کے بنیادی حقوق، امن کی بحالی اور معاشی انصاف کے لیے ہے۔ انہوں نے ٹرانسپورٹرز سے اپیل کی کہ وہ عوامی مفاد کی اس جدوجہد میں بھرپور کردار ادا کریں تاکہ حکومت عوامی مشکلات کا فوری نوٹس لینے پر مجبور ہو۔ اس موقع پر ظاہر شاہ کاکڑ نے کہا کہ ٹرانسپورٹر برادری روزانہ قومی شاہراہوں پر شدید مشکلات، بدامنی، اضافی اخراجات اور مختلف رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہے، جس کے باعث نہ صرف کاروبار متاثر ہو رہا ہے بلکہ عوام بھی مشکلات میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں ٹرانسپورٹرز خاموش تماشائی نہیں رہ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ آل بلوچستان بس یونین اور پنجاب، خیبر پختونخوا بس یونین عوامی مفاد کے تمام جائز مطالبات کی حمایت کرتی ہیں، اسی لیے 7 اگست کی ہڑتال، دھرنے اور احتجاج میں بھرپور شرکت اور مکمل تعاون کیا جائے گا۔ دونوں جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانے، مہنگائی کے خاتمے، ٹرانسپورٹرز اور عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر جمہوری و آئینی فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔

بقیہ 14

ورہ پڑنے پر وفات پانے جن کی میت انکے آبائی گاؤں کوٹھ محمد عظیم کلسی ڈیرہ اللہ یار منتقل کردی گئی جہاں نماز جنازہ کے بعد انکی تدفین آبائی قبرستان میں کردی گئی جبکہ فاتحہ خوانی کوٹھ محمد عظیم کلسی میں ہو رہی ہے۔

بقیہ 15

کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس نے ضلعی صدر پی ٹی آئی جعفرآباد ادم خان رند ایڈوکیٹ کو دیگر ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا۔

بقیہ 16

کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حکومت کے اس اقدام نے پورے ضلع کے عوام کو شدید خوف، بے یقینی اور عدم تحفظ سے دوچار کردیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پولیس اسٹیشن قلعہ سیف اللہ، مسلم باغ، کان مہترزئی، ژنسائی، مرغہ فقیرزئی، لوئی بند، بادینی، شران جوگیزئی، شنکئی، اختر زئی، باتوزئی، مسافرپور سمیت ضلع کے تمام متعلقہ پولیس تھانوں سے بڑی تعداد میں ایس ایم جیز (SMGs) اور میگزین واپس لے کر ڈی پی او آفس منتقل کرنے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ اس اقدام کا عملی مطلب یہ ہے کہ ان تھانوں کو غیر فعال اور بے اختیار بنایا جارہا ہے، جبکہ عوام کو دہشت گردوں اور مسلح جتھوں کے رحم وکرم پر چھوڑا جارہا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ انتہائی افسوسناک امر ہے کہ جن علاقوں میں ماضی میں لیویز فورس کے تھانے موجود تھے اور بعد ازاں انہیں عوام کی مرضی ومنشا کے برخلاف پولیس تھانوں میں تبدیل کیا گیا اور آج انہی پولیس تھانوں سے اسلحہ واپس لے کر ان کی دفاعی صلاحیت ختم کی جا رہی ہے۔ یہ فیصلہ کسی طور بھی عوامی مفاد، امن وامان اور ریاستی عملداری کے تقاضوں سے مطابقت نہیں رکھتا۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ جب ایک ایسے وقت میں، جبکہ ضلع قلعہ سیف اللہ اور اس سے ملحقہ علاقے دہشت گردی اور مسلح گروہوں کی سرگرمیوں کے خطرات سے دوچار ہیں، پولیس کو اسلحے سے محروم کیا جائے تو اس کا براہ راست فائدہ دہشت گردوں اور مسلح جتھوں کو پہنچے گا۔ حکومت کا یہ اقدام درحقیقت امن دشمن عناصر کے لیے مزید سہولت کاری کے مترادف ہے، جس کی کوئی بھی معقول توجیہ عوام کی سمجھ سے بالاتر ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اس صورتحال سے واضح ہوتا ہے کہ حکومت کی رٹ اور عملداری بری طرح کمزور ہو چکی ہے۔ اگر حکومت اپنے ہی قائم کردہ پولیس تھانوں کو فعال رکھنے اور انہیں ضروری وسائل فراہم کرنے سے قاصر ہے تو یہ امن وامان کی صورتحال پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کے جان ومال کا تحفظ ہے، لیکن موجودہ اقدامات اس کے برعکس عوام کو عدم تحفظ کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے صوبائی حکومت، محکمہ داخلہ، انسپکٹر جنرل پولیس اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع قلعہ سیف اللہ کے تمام پولیس تھانوں سے اسلحہ واپس لینے کے احکامات فوری طور پر منسوخ کیے جائیں، تمام تھانوں کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے، پولیس کو ضروری اسلحہ اور وسائل فراہم کیے جائیں اور عوام کو دہشت گردوں اور مسلح جتھوں کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے بجائے ریاستی رٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے۔ پارٹی نے خبردار کیا کہ اگر اس فیصلے پر فوری نظرثانی نہ کی گئی تو اس کے سنگین نتائج کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

بقیہ 17

ت کی، جس میں پاکستان جاپان تعاون، معاشی ترقی، سرمایہ کاری، تکنیکی معاونت اور مختلف شعبوں میں شراکت داری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے مشکل معاشی چیلنجز پر ٹیم ورک کے ذریعے قابو پایا ہے اور اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اصلاحات کے نتیجے میں صرف تین برس کے دوران سرکاری محصولات میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو بہتر، تکنیکی تربیت اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا جبکہ خواتین کو بااختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے معدنیات کے شعبے کی ترقی کو بھی اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان اس شعبے میں جائیکا کے تکنیکی تعاون کا خیرمقدم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کے فروغ کے لیے سمیڈا میں اصلاحات کی گئی ہیں تاکہ اسے ایک فعال اور مؤثر ادارہ بنایا جا سکے۔ جائیکا کا سمیڈا کے ساتھ تعاون چھوٹے کاروباروں کی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے لیے معاون ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے جاپان میں حالیہ زلزلے کے نتیجے میں ہونے والے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاپانی عوام اور حکومت سے اظہار ہمدردی کیا۔ جائیکا کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکیہیکو نے وزیراعظم کے جذبات پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کی شاندار مہمان نوازی کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ جائیکا اور پاکستان کے درمیان تعاون کی ایک طویل تاریخ ہے اور ادارہ صحت، تعلیم، شہری ودیہی ترقی، فنی تربیت اور صنعتی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون مزید بڑھانے کے لیے تیار ہے۔ ڈاکٹر تاناکا نے کہا کہ جائیکا وفاقی اور صوبائی حکومتوں کی ترقیاتی ترجیحات کے مطابق پاکستان کے ساتھ تعاون کو مزید مضبوط بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جاپان سمیت عالمی برادری مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے پاکستان اور اس کی قیادت کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ ملاقات میں وفاقی وزراء احسن اقبال، احد خان چیمہ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، حنیف عباسی، سردار اویس احمد خان لغاری، شزہ فاطمہ خواجہ، معاونین خصوصی سید طارق فاطمی اور ہارون اختر سمیت متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ #/s#

بقیہ 18

پر منجمد ہے، نئے ملازمین کو بھی الاونس بنیادی اسکیل 2022 کے مطابق ملے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق خصوصی تنخواہیں اور متعلقہ الاونسز بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد رہیں گے، گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 35 فیصد الاونس دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 30 فیصد ایڈہاک ریلیف الاونس دیا جائے گا یہ ایڈہاک ریلیف الاونس آئندہ احکامات تک اسی شرح پر منجمد رہے گا۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری ملازمین کو ایڈہاک ریلیف الاونس 2024 بھی بنیادی پے سکیل 2022 کی بنیاد پر ملے گا، گریڈ 1 سے 16 کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 25 فیصد دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 20 فیصد تک الاونس دیا جائے گا، یہ الاونس بھی 30 جون 2026، کی سطح پر منجمد رہے گا۔ یکم جولائی 2026، سے بھرتی ملازمین کا الاونس 2024 کے بنیادی پے اسکیل کے مطابق ہوگا۔

بقیہ 19

حل ہیں۔ ان کے مطابق یونیورسٹی انتظامیہ نے طلبہ کی دوبارہ داخلے کے لیے والدین سے خصوصی حلف نامے طلب کیے ہیں، جن کے بعد ہی انہیں واپس داخلہ دینے پر غور کیا جائے گا۔ عمران بلوچ کا کہنا تھا کہ والدین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ حلف نامے جمع کرائیں تاکہ طلبہ کی دوبارہ یونیورسٹی میں واپسی ممکن بنائی جا سکے۔ دوسری جانب اس معاملے پر نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (NUST) کی انتظامیہ کی جانب سے خبر فائل ہونے تک کوئی باضابطہ وضاحت یا ردعمل سامنے نہیں آیا۔ اگر یونیورسٹی انتظامیہ اپنا حسب موقف جاری کرتی ہے تو اسے بھی خبر کا حصہ بنا دیا جائے گا۔

بقیہ 20

کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کی برآمدات کا حجم 2 ارب 93 کروڑ 90 لاکھ ڈالر رہا، جو جون 2026 میں 2 ارب 24 کروڑ 20 لاکھ ڈالر تھا۔ جولائی 2025 میں برآمدات کا حجم 2 ارب 68 کروڑ 30 لاکھ ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کا تجارتی خسارہ 3 ارب 94 کروڑ 80 لاکھ ڈالر رہا۔ سالانہ بنیادوں پر تجارتی خسارے میں 25.17 فیصد اضافہ ہوا، تاہم ماہانہ بنیادوں پر جولائی میں تجارتی خسارہ 15.22 فیصد کم ہوا۔ اعدادوشمار کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کی درآمدات کا حجم 6 ارب 88 کروڑ 70 لاکھ ڈالر رہا۔ نئے مالی سال کے پہلے ماہ سالانہ بنیادوں پر درآمدات میں 17.99 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ ماہانہ بنیادوں پر درآمدات میں 0.17 فیصد کمی ہوئی۔ تجارتی اعدادوشمار کے مطابق برآمدات میں نمایاں ماہانہ اضافہ ملکی برآمدی شعبے کے لیے حوصلہ افزا پیش رفت ہے، تاہم درآمدات میں سالانہ اضافے کے باعث تجارتی توازن پر دباؤ برقرار ہے۔

بقیہ 21

کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی اور چیف میونسپل آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن نذر زہری نے کی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران، مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے دوبارہ ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی پر مبنی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ پورے راستے میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حق میں اور بھارتی مظالم کے خلاف بھرپور نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل تک اپنی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا۔ مقررین نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی بین الاقوامی تنظیموں سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لیں، بھارتی مظالم کا سدباب کریں اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کریں۔ ریلی کے اختتام پر مقبوضہ کشمیر کے شہداء کے درجات کی بلندی، کشمیری عوام کی آزادی اور پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 22

میر سرفراز بگٹی کے موقف اور اقدامات کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حق خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی ان کی ہرممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے اور ان کی یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 23

رتی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا۔ اسحاق ڈار نے بھارت سے مطالبہ کیا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کی متنازع آئینی حیثیت تبدیل کرنے والے تمام اقدامات واپس لیے جائیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان 5 اگست 2019 کے بھارتی غیر قانونی اور یک طرفہ اقدامات کے خلاف یوم استحصال کشمیر منا رہا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ پاکستان نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کی جرات، استقامت اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے آزادی کی جدوجہد میں شہدا کے خاندان کے صبر واستقامت کو سلام پیش کرتے ہوئے یو این، انسانی حقوق تنظیموں سے مقبوضہ کشمیر میں سنگین خلاف ورزیوں کا نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ مریم نواز شریف نے اقوام متحدہ، انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں اور بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کیا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور کشمیری عوام کو ان کے بنیادی حقوق کی فراہمی کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جائے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ قائد محمد نواز شریف نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر پر دوٹوک اور اصولی موقف اختیار کیا، جبکہ پاکستان کشمیری عوام کے جائز حق خودارادیت کی حمایت اپنے قومی موقف کے مطابق جاری رکھے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ان کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت کرتے رہیں گے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا یوم استحصال کشمیر پر پیغام میں کہنا ہے کہ بھارتی اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے منافی ہیں، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بھارت کے 5 اگست 2019 کے اقدامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آبادی کا تناسب تبدیل کرنے اور کشمیری شناخت کو مسخ کرنے کی کوششیں ناقابل قبول ہیں۔ وزیر داخلہ و قانون سندھ ضیا الحسن لنجار نے کہا ہے کہ یوم استحصال کشمیر پر مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں، بھارت نے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی کی، طاقت، جبر اور پابندیاں کشمیری عوام کے جذبہ آزادی کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔ اسپیکر سندھ اسمبلی اویس قادر شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کے یک طرفہ اقدامات اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ 7 برس سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں، جس کے خلاف اقوام متحدہ مؤثر کردار ادا کرے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل تک کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ بھارت کی کھلی دہشت گردی ہے اور یہ معاملہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے لیے ایک کھلا چیلنج ہے۔ سینیٹر شیری رحمٰن نے یوم استحصال کشمیر پر کشمیری عوام کو جرات، استقامت اور جدوجہد پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ بھارت کی بی جے پی حکومت کا مقصد مقبوضہ کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنا تھا۔ سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز نیر بخاری نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ جدوجہد آزادی روکنے کی ناکام کوشش ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ حق خودارادیت کی خاطر قربانیاں دینے والے کشمیریوں کو صرف آزادی قبول ہے، مودی سرکار کے انتہاپسندانہ اقدامات خطے کے امن کیلئے تباہ کن ہیں۔

بقیہ 24

ہیں، کیونکہ انکے بغیر عام آدمی کے مسائل حل نہیں ہو پائیں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ یہ مینڈیٹ جتنا میرا ہے، اتنا ہی پیپلز پارٹی کا بھی ہے۔ جس مینڈیٹ کو پی پی نے جعلی اور فارم 47 کا قرار دیا ہے، ان ہی دونوں سے آصف زرداری صدر بنے ہیں۔ رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ نواز شریف نے صرف محسن نقوی ہی نہیں بلکہ آصف زرداری اور بلاول بھٹو سے متعلق بھی بیان بازی اور جواب دینے سے روکا ہے۔

بقیہ 25

نون، اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور عالمی اصولوں کی صریح خلاف ورزی تھے، جنہوں نے خطے میں امن واستحکام کو مزید پیچیدہ بنادیا۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت نے 5 اگست 2019 کو غیر قانونی طور پر زیر قبضہ جموں وکشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل کرنے اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق سلب کرنے کے لیے یکطرفہ اقدامات کیے، جن کا مقصد کشمیری عوام کی امنگوں کو دبانا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان آج یوم استحصال کشمیر منا کر مقبوضہ کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کر رہا ہے۔ کشمیری عوام اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں اور پاکستان ان کے بنیادی حقوق کی مکمل حمایت جاری رکھے گا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ 5 اگست 2019 کے بعد کیے گئے اقدامات بدستور شدید تشویش کا باعث ہیں اور ان کے نتیجے میں مقبوضہ کشمیر کے عوام کو مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ جنوبی ایشیا میں امن کے قیام کی کوششیں بھی متاثر ہوئی ہیں۔ انہوں نے عالمی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ، پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے احترام کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے اور جموں وکشمیر کے تنازع کے منصفانہ اور پرامن حل کے لیے عملی اقدامات کرے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مسلسل بھارت سے مطالبہ کرتا آیا ہے کہ وہ ایسے تمام یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات واپس لے جو جموں وکشمیر کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کے منافی ہیں، اور ایسے اقدامات کرے جو مسئلے کے پرامن حل کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اور استحکام اسی وقت ممکن ہے جب مسئلہ کشمیر کو کشمیری عوام کی خواہشات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کیا جائے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی آواز بلند کرتا رہے گا اور ان کے جائز حق خودارادیت کے حصول کے لیے اپنی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ انہوں نے مقبوضہ کشمیر کے عوام کی ثابت قدمی، جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں کشمیری عوام کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ #/s#

بقیہ 26

ڈائریکٹر سجاد الجالی اور پاکستانی سفیر خرم سرفراز نے اسحاق ڈار کا استقبال کیا۔ اسحاق ڈار مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس میں شرکت کریں گے، وہ اردن کے شاہ عبداللہ دوم سے ملاقات بھی کریں گے۔

بقیہ 27

ان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے اتحادی حکومت کیلئے ڈھائی ڈھائی سال کے فارمولے کی تجویز دی تھی اور جب حکومت کی جانب سے پیپلز پارٹی سے کہا گیا کہ وہ اتحادی جماعت کے طور پر کابینہ میں شامل ہوجائے، جیسا کہ دونوں جماعتیں 16 سے 18 ماہ اکٹھی حکومت کرتی رہی ہیں، تو پیپلز پارٹی نے کابینہ میں شامل ہونے سے انکار کردیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے حذیفہ رحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے تجویز دی کہ دونوں جماعتیں ڈھائی ڈھائی سال حکومت کرلیں۔ اس تجویز کے جواب میں حکومت کی جانب سے کہا گیا کہ اگر ڈھائی ڈھائی سال کا فارمولا اختیار کرنا ہے تو صدر، چیئرمین سینیٹ اور بلوچستان کی حکومت کی مدت بھی اسی فارمولے کے مطابق مقرر کی جائے۔ ان کے مطابق اس پر پیپلز پارٹی پیچھے ہٹ گئی اور آصف زرداری نے کہا کہ وہ پورے پانچ سال کے لیے صدر رہیں گے، جس کے بعد یہ معاملہ وہیں ختم ہو گیا۔

بقیہ 28

متعلق درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس مرزا وقاص رؤف نے پی ٹی آئی رہنما میاں عثمان اکرم کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ مینار پاکستان پر جلسے کی درخواست مسترد کردی گئی ہے۔ پی ٹی آئی کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ جلسے کے لیے متبادل جگہ فراہم کردی جائے، جس پر سرکاری وکیل نے کہا کہ پی ٹی آئی نے متبادل جگہ کے لیے کوئی درخواست دائر نہیں کی۔ عدالت نے سرکاری وکیل کو ہدایت کی کہ ڈپٹی کمشنر لاہور سے متبادل جگہ پر جلسے کی اجازت سے متعلق ہدایات لے کر آئندہ سماعت پر پیش ہوں۔

بقیہ 29

کے مطابق ڈاکو ایک شہری سے موٹرسائیکل چھیننے کی کوشش کر رہے تھے کہ متاثرہ شہری نے ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے مزاحمت کی اور فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک مبینہ ڈاکو موقع پر ہی ڈھیر ہو گیا جبکہ اس کے دیگر ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ہلاک ہونے والے شخص کی شناخت عبدالخالق عرف لالے کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مذکورہ ملزم چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں پولیس کو درکار تھا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لے لیا اور قانونی کارروائی و تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔

بقیہ 30

اتفاق ہوگیا ہے۔ ایرانی حکام نے بتایا کہ اس وقت دونوں ممالک ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ تاہم اگر کسی تیسرے فریق (امریکا یا اسرائیل) نے مداخلت کی تو معاہدہ متاثر بھی ہوسکتا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ صرف محفوظ بحری راستے پر اتفاق ہو جانا آبنائے ہرمز میں مکمل سیکیورٹی کی ضمانت نہیں کیونکہ خطے کی مجموعی سلامتی کا انحصار دیگر سیاسی اور فوجی عوامل پر بھی ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے مزید کہا کہ عمان کے ساتھ مذاکرات مثبت انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ اگر دونوں ممالک کے درمیان کوئی معاہدہ ہو بھی جاتا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہوگا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام جہاز مکمل طور پر محفوظ ہو جائیں گے۔ انہوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ آبنائے ہرمز میں عدم تحفظ کی وجوہات اب بھی موجود ہیں جن میں خاص طور پر امریکا کی بحری ناکہ بندی اور ایران اور اس کے مفادات کے خلاف دیگر جارحانہ اور دھمکی آمیز اقدامات شامل ہیں۔ بین الاقوامی ذرائع کے مطابق مجوزہ معاہدے کے تحت آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد اور روانگی کے لیے الگ الگ بحری راستے متعین کیے جاسکتے ہیں۔ زیرغور تجاویز میں خلیج فارس میں داخل ہونے والے جہاز ایرانی نگرانی والے راستے سے گزریں گے جبکہ خلیج سے باہر جانے والے جہاز عمان کے زیر انتظام راستہ استعمال کریں گے۔ اس انتظام کا مقصد بحری ٹریفک کو منظم کرنا اور تصادم یا فوجی کشیدگی کے خطرات کم کرنا ہے، تاہم اس فارمولے پر ابھی مکمل اتفاق نہیں ہوا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایران بحری گزرگاہ استعمال کرنے والے جہازوں سے سروس فیس لینے کا خواہاں ہے، جبکہ عمان نسبتاً کم فیس کی تجویز دے رہا ہے۔ دوسری جانب امریکا آزاد بحری آمدورفت پر کسی قسم کی لازمی فیس یا ایران کو خصوصی اختیار دینے کی مخالفت کر رہا ہے۔ یہی نکات اب بھی مذاکرات میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ اگرچہ ایران کا اصرار ہے کہ اس کی براہ راست بات چیت صرف عمان سے ہورہی ہے تاہم امریکی حکام کا کہنا ہے کہ عمان کی ثالثی میں ایران اور امریکا کے درمیان بھی بالواسطہ رابطے جاری ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے تصدیق کی ہے کہ ان مذاکرات میں اگرچہ کافی پیش رفت ہوئی ہے لیکن ابھی کوئی حتمی معاہدہ نہیں ہوا۔ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی کہا تھا کہ ایران کے ساتھ آج پورے دن مذاکرات ہوئے ہیں جو حوصلہ افزا ہیں تاہم آبنائے ہرمز جلد نہ کھولی گئی تو ایران کو بہت سخت نتائج بھگتنا ہوں گے۔ ٹرمپ کے بقول اس مجوزہ معاہدے میں آبنائے ہرمز کی بحالی کے ساتھ ایران کے جوہری پروگرام پر بھی بات چیت شامل ہے۔

بقیہ 31

نے ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم کی ناقص پالیسیوں کے باعث مہنگائی اور بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے، تاہم افغان طالبان کے خلاف ہمیں خود اٹھنا ہوگا، ہمیں بچانے کیلئے کوئی اور نہیں آئے گا، وقت آگیا ہے کہ افغانستان کو طالبان سے آزاد کرایا جائے اور ان کا خاتمہ کیا جائے۔ دوسری جانب جلال آباد کے شہری نے بھی افغان طالبان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ جلال آباد جو ماضی میں انگوروں اور زرعی پیداوار کی وجہ سے مشہور تھا اب ظلم اور جبر کا گڑھ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلال آباد کے شہری طالبان کے ظلم کا شکار ہیں، جبکہ ملا ہبت اللہ کو اس کی خبر تک نہیں، طالبان اپنے نظریات کے برعکس یہود وہنود کے مفادات کا تحفظ کر رہے ہیں، افغان طالبان کے خلاف مسلح مزاحمت اور عوامی ردعمل نے ظاہر کردیا ہے کہ شدت پسند رجیم کو وسیع پیمانے پر مخالفت کا سامنا ہے۔

بقیہ 32

ئی وزیر مولانا غلام سرور، یونین کونسل اندرپڑہ اور یونین کونسل راژانم کے نمائندوں سمیت مختلف قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع موسیٰ خیل کو درپیش عوامی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ضلع کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی، مواصلاتی ڈھانچے کی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کی تجاویز اور سفارشات کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ دوردراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے مرحلہ وار تمام پسماندہ علاقوں کی ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال ضلع واشک کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکج دیا گیا تھا، جبکہ رواں سال حکومت کی خصوصی توجہ صوبے کے دیگر پسماندہ اضلاع کے ساتھ ساتھ موسیٰ خیل کی ترقی اور عوامی فلاح وبہبود پر مرکوز ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام قبائل اور عوام ہمارے اپنے ہیں، اور حکومت بلاامتیاز ہر علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کے کسی بھی ضلع یا علاقے کو ترقی کے سفر میں پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا ملاقات کے موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران زرکون اور اسٹاف آفیسر سید احمد شاہ غرشین بھی موجود تھے۔

بقیہ 33

کے لیے قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ وزارت خزانہ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر سے ورچوئل ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تجارتی مذاکرات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرخزانہ نے مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکا کے ساتھ مضبوط تجارتی اور سرمایہ کاری شراکت داری پاکستان کی اہم ترجیح ہے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقوں نے اتفاق کیا کہ باقی ماندہ امور کو تکنیکی سطح پر جلد از جلد حل کیا جائے گا، جبکہ مذاکرات کی رفتار برقرار رکھنے اور تجارتی فریم ورک کو حتمی شکل دینے کے لیے قریبی رابطے جاری رکھے جائیں گے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ امریکا کے ساتھ مضبوط تجارتی تعلقات پاکستان کی برآمدات پر مبنی اقتصادی ترقی کی حکمت عملی کا اہم حصہ ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون سے تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری مواقع میں مزید اضافہ ہوگا، جس سے دونوں معیشتوں کو فائدہ پہنچے گا۔ ملاقات میں پاکستان اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کے درمیان جاری تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا تاکہ سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے۔ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر نے مذاکرات میں پاکستان کے مسلسل تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے لیبر اور ریگولیٹری اصلاحات کے شعبے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے جبری مشقت سے متعلق قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے لیے پاکستان کے اقدامات کی بھی تعریف کی۔ دونوں فریقوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان دیرینہ اقتصادی شراکت داری کو مزید مضبوط بنایا جائے گا اور جلد ایک ایسے تجارتی فریم ورک کو حتمی شکل دی جائے گی جو دونوں ممالک کے کاروباری اور سرمایہ کاری مفادات کے لیے سودمند ثابت ہو۔

بقیہ 01

2019 کو بھارتی حکومت نے ایک ایسا فیصلہ کیا جس کے اثرات آج بھی پورے خطے میں محسوس کیے جاتے ہیں۔ آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی کے بعد جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی گئی اور اسے دو وفاقی یونین ٹیریٹریز، جموں وکشمیر اور لداخ، میں تقسیم کر دیا گیا۔ بھارت نے اپنی طاقت سے اس اقدام کو قومی یکجہتی، بہتر حکمرانی اور ترقی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا، جبکہ پاکستان اور کشمیری قیادت نے اسے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور تاریخی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا، میر محمد صادق عمرانی نے مزید کہا کہ پاکستان کے عوام شروع دن سے کشمیری بھائیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں، یوم استحصال کشمیر عالمی برادری کے لیے سفارتی پیغام ہے کہ کشمیر کا مسئلہ ابھی تک حل طلب ہے۔

بقیہ 02

بق حل ہونا چاہیے۔ اس موقع پر اس عزم کا بھی اعادہ کیا گیا کہ پاکستان اور اس کے عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لورالائی فوزیہ درانی کی زیر نگرانی کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں اساتذہ اور طالبات نے بھرپور جوش وخروش سے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم، بینرز، فلیکس، پلے کارڈز اور چارٹس اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیر کی آزادی، کشمیری عوام کی حمایت اور قومی یکجہتی سے متعلق نعرے اور پیغامات درج تھے۔ شرکاء نے کشمیر کے حق میں اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے نعرے بھی بلند کیے۔ تقریب کے اختتام پر ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لورالائی میڈم فوزیہ درانی نے پروگرام کے کامیاب انعقاد اور یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی اساتذہ میں تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ انہوں نے اساتذہ کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ نئی نسل میں مسئلہ کشمیر سے متعلق شعور اجاگر کرنا قومی ذمہ داری ہے اور تعلیمی ادارے اس مقصد کے حصول میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔

بقیہ 03

حالات پر تفصیلی بحث مباحثہ ہوا اور دونوں جماعتوں کے درمیان مشترکہ طور پر اتحاد کے لئے بھی تبادلہ خیال ہوا اور دونوں جماعتوں کے پانچ پانچ ارکان پر مشتمل دس رکنی کمیٹی تشکیل دیا گیا اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملکی وصوبائی حکومتیں امن کے بحالی عوام اور صوبہ بلوچستان کے عام شاہراہوں پر مسافر بسوں گاڑیوں کے تحفظ میں ناکام ہو چکا ہے ریاست کی کوئی رٹ نہیں محض مذمت کے بیانات وامن دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے امن قائم ہو سکتی ہے انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط کردہ حکمران کی ظالمانہ پالیسیوں نے قوم کو مایوس کردیا ہے۔ سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالت کا سامنا کر رہا ہے ملک کی امن، معیشت اور سلامتی کو داؤ پر لگا دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران کے پاس ملک کو چلانے کی صلاحیت نہیں ہے ملک چلانے کے لیے کوہ وژن یا پالیسی نہیں ہے قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں استحصالی پالیسیوں سے اشرافیہ طبقہ کو نوازنے کیلئے غریب عوام کی امیدوں پر شب خون مارا۔ آج ملک کو سیاسی ومعاشی محاذ پر چیلنجز کا سامنا ہے آئین وقانون کی پامالی اور بدامنی سے ملک میں 71 جیسے حالات جان بوجھ کر پیدا کر رہے انہوں نے کہا کہ ملک آج جس بدامنی اور معاشی بحران اور مسائل کا سامنا کر رہی ہے پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھا ہے ملک میں امن ومعیشت کو تباہی سے دوچار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مقتدر قوتوں کی فیصلوں سے ملک میں نہ سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملیگا بلکہ قوم وملک کو یکے بعد دیگرے دلدل کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ کرپشن اور شاہانہ مراعات ختم کرنے کی بجائے نئی ٹیکسز لگائی گئی مہنگائی کی چنگل سے نکالنے کی دعوے جھوٹ کا پلندہ ہے قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں۔

بقیہ 04

آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر امن، انصاف، انسانی حقوق اور عالمی برادری کی ذمہ داری کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ہیڈ مسٹریس سحر مبین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا اور انہیں یہ یقین دلانا ہے کہ پاکستانی قوم ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ امن، بھائی چارے، محبت، برداشت اور انسانیت کے احترام جیسے اعلیٰ اقدار کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ تقریب کے اختتام پر کشمیر کے عوام کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ طالبات نے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے حق خودارادیت اور پائیدار امن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 05

معززین شہر صحافی برادری اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے کشمیر کے مظلوم عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کشمیر بنے گا پاکستان پاک فوج زندہ باد اور بھارت کے خلاف نعرے لگائے ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس سے ہوا جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی میونسپل کارپوریشن پہنچی اور بعد ازاں واپس ڈپٹی کمشنر آفس پر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر ایس پی استا محمد حافظ معاذ الرحمن ودیگر نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی یاد دلاتا ہے انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام طویل عرصے سے اپنے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور پاکستان کے عوام ان کی اخلاقی سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے انہوں نے مزید کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کا نوٹس لے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے آخر میں کشمیری بھائیوں کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 06

یت کے حق میں اور بھارتی مظالم کے خلاف نعرے بازی کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کا خاتمہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی تھا مقررین نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی مکمل حمایت جاری رکھے گا اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے ریلی میں شرکاء نے کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا، کشمیری عوام کے آزادی کی جدوجہد کو سلام پیش کیا۔

بقیہ 07

ہیں۔ بلاول بھٹو الزام لگانے سے قبل اپنے وزیراعظم سے باز پرس کریں۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ یہ وقت الزام لگانے کا نہیں بلکہ آزاد کشمیر میں نفرت اور تقسیم ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کے مرکزی حکومت سے الگ ہونے کے کوئی امکانات نہیں۔ اس وقت شہباز شریف سے زیادہ موزوں کوئی وزیراعظم نہیں ہے۔ طارق فضل چوہدری نے صوبوں سے متعلق کہا کہ صوبوں کے قیام کیلئے آئین میں طریقہ موجود ہے۔ انتظامی یونٹس یا صوبوں کے قیام کیلئے سیاسی جماعتوں میں مشاورت ہونی چاہیے اور اتفاق رائے سے کوئی فیصلہ ہونا چاہیے۔

بقیہ 08

روں میں سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری، سابق گورنر عمران اسماعیل، محمود مولوی اور بیرسٹر سیف شامل ہیں۔ درخواست میں سیکرٹری داخلہ، سیکرٹری ہوم پنجاب اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو فریق بنایا گیا ہے۔ فیصل فرید ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر درخواست میں جیل حکام کے مبینہ نامناسب رویے اور بدسلوکی پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے موقف اپنایا گیا کہ بانی کے دوست ہونے کی وجہ سے ان کی صحت اور خیریت پر شدید تشویش ہے، بانی اور بشریٰ بی بی کی مسلسل گرتی ہوئی صحت اور خیریت پر گہری تشویش ہے۔ درخواست کے مطابق بانی کے اہل خانہ، دوستوں اور قریبی رشتہ داروں کو کئی ماہ سے ملاقات کی اجازت نہیں دی جا رہی، ملاقاتوں پر پابندی کے باعث سوشل میڈیا پر افواہوں اور قیاس آرائیوں کو ہوا مل رہی ہے، ملاقات نہ ہونے سے عوامی سطح پر بے چینی اور تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ سیاسی استحکام، آئین کی بالادستی اور قومی مصالحت کیلئے عدالت سے رجوع کیا، بانی سے ملاقاتوں پر پابندی آئین کے آرٹیکل 9 اور 14 سمیت جیل قوانین کی خلاف ورزی ہے، بانی کو ملاقاتوں سے محروم رکھنا اقوام متحدہ کے نیلسن منڈیلا رولز کے بھی منافی ہے۔ پاکستان پریزن رولز 1978ء کے تحت بانی سے جیل میں ملاقات اور انٹرویو کی اجازت دی جائے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت سپرنٹنڈنٹ جیل کو نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے وفد کی بانی اور بشریٰ بی بی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات کروانے کا حکم دے، ملاقات کیلئے مناسب وقت مقرر کیا جائے تاکہ بانی اور بشریٰ بی بی کی صحت، ویلفیئر اور قانونی تحفظ کا جائزہ لیا جاسکے۔

بقیہ 09

کیلئے چھاپہ مارا، تاہم ملزم اور گینگ کے دیگر ساتھیوں نے سی سی ڈی ٹیم کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی، فائرنگ تبادلے میں بدنام زمانہ ڈاکو اکبر کھوسہ ہلاک ہوگیا۔ ترجمان کے مطابق ڈاکوؤں کی فائرنگ سے سی سی ڈی ڈیرہ غازی خان کا اہلکار شہزاد احمد قریشی شدید زخمی ہوگیا جسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ مقابلے کے دوران ہلاک ہونے والے ڈاکو اکبر کھوسہ کے دیگر ساتھی موقع سے فرار ہو گئے۔ سی سی ڈی کے مطابق مفرور ملزمان کی گرفتاری کیلئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ترجمان کے مطابق سی سی ڈی پنجاب بھر میں منظم جرائم کی روک تھام کیلئے بھرپور کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 10

کئی کے نمائندوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز سمیت دیگر سرکاری افسران بھی موجود تھے۔ قومی پرچم کشائی کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا، جبکہ شرکاء نے ملکی سلامتی، استحکام اور مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے لیے خصوصی دعائیں کیں بعد ازاں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی جو ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزری۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کی حمایت، حق خودارادیت کے حق میں اور بھارتی اقدامات کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکاء نے مقبوضہ کشمیر کے عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے کہا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے یکطرفہ اقدامات کیے، جو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال، بنیادی آزادیوں پر عائد پابندیوں اور کشمیری عوام کو درپیش مسائل کی جانب مبذول کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کے جائز حقوق کے حصول تک اپنی حمایت جاری رکھے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے والے دیگر مقررین نے بھی کشمیری عوام کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھے گا۔ مقررین نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل ہونا چاہیے تاکہ خطے میں پائیدار امن قائم ہو سکے تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، ترقی، قومی یکجہتی، افواج پاکستان کی کامیابی اور مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا یہ رشتہ ہمیشہ مضبوط رہے گا اور ان کی جائز جدوجہد کی ہر ممکن حمایت جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 11

اقدام کیخلاف صبح کے وقت ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گ، ضلعی انتظامیہ کی زیرنگرانی سرکاری اسکولوں میں آگاہی پروگرامز سیمینارز کوئز مقابلوں ٹیبلوز اور تقریری مقابلوں کا انعقاد جاری ہے کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطاء کا کہنا ہے کہ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈویژن بھر میں کشمیر کاز، حق خودارادیت اور بھارتی غاصبانہ پالیسیوں پر مباحثے اور طلباء، کیماین تقریری مقابلے منعقد کروائے جا رہے ہیں انتظامیہ کی زیرنگرانی سرکاری سطح پر سیاسی وسماجی شخصیات کی قیادت میں یکجہتی واک کی کا اہتمام کیا جا رہا ہے تاکہ دنیا کو باور کرایا جائے کہ پاکستان کے دیگر علاقوں کیطرح لسبیلہ ڈویژن (بلوچستان) کے عوام بھی کشمیریوں کیساتھ کھڑے ہیں

بقیہ 12

کا نے ہاتھوں میں قومی اور کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ ریلی کے دوران "کشمیر بنے گا پاکستان"، "پاکستان زندہ باد" اور "کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی" کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں اور عالمی برادری کی ذمہ داری ہے کہ وہ اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بناتے ہوئے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔ مقررین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور اس کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھیں گے اور کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی اس وقت تک جاری رہے گی جب تک انہیں اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت نہیں مل جاتا۔

بقیہ 13

مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ صرف قابل مذمت ہیں بلکہ یہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ اہل بلوچستان بھارت کے ان اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے اس مناسبت سے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے اور بھارت پر بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کے لیے دباؤ بڑھائے انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان وفاقی حکومت کے ساتھ مکمل یک زبان ہو کر مطالبہ کرتی ہے کہ جس عزم اور مستقل مزاجی سے پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتا آیا ہے، اسی ولولے کے ساتھ یہ جدوجہد آئندہ بھی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کے حق خودارادیت، آزادی اور انصاف کی جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھیں گے میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر اس عزم کا مظہر اظہار کرتا ہے کہ پاکستان اور اہل بلوچستان کشمیری عوام کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑے رہیں گے اور ان کے جائز حقوق کے حصول تک اپنی بھرپور حمایت اور کاوشیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 14

ی رکھے ہوئے ہے۔ اس سلسلے میں ضلع گوادر میں مویشیوں کی بیماریوں کے تدارک، علاج، حفاظتی ویکسینیشن، ذبح خانوں کی باقاعدہ نگرانی اور مویشی پال حضرات کو بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ صحت مند مویشیوں کے ذریعے گوشت اور دودھ کی پیداوار میں اضافہ اور دیہی معیشت کو مزید مستحکم بنایا جا سکے اس سلسلہ میں محکمہ امور حیوانات ضلع گوادر نے جولائی 2026 کے دوران مویشیوں کی بیماریوں کے تدارک، علاج، ویکسینیشن اور ذبح خانوں کی نگرانی کے حوالے سے پیش رفت اور مؤثر اقدامات کیے ہیں ان کا کہنا تھا کہ ماہ جولائی کے دوران ضلع بھر کے امور حیوانات ہسپتالوں، ڈسپنسریوں، فیلڈ وزٹس اور موبائل کیمپس کے ذریعے مجموعی طور پر 15,262 مویشیوں کا علاج کیا گیا۔ ان میں بھیڑ، بکریاں، گائے، اونٹ، پولٹری اور دیگر جانور شامل ہیں۔ اس کے علاوہ مختلف مقامات پر 6,542 جانوروں کو متعدی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی ویکسین بھی لگائی گئی ضلعی آفیسر امور حیوانات کے رپورٹ کے مطابق سرکاری ذبح خانوں میں 1,038 جانوروں کا معائنہ کیا گیا تاکہ عوام کو صحت مند اور معیاری گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے افسر محکمہ لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ گوادر کا کہنا ہے کہ مویشی پال حضرات کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، جانوروں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے فیلڈ سرگرمیاں باقاعدگی سے جاری رکھی جائیں گی۔ محکمہ نے مویشی پال افراد سے اپیل کی ہے کہ وہ جانوروں میں کسی بھی بیماری کی صورت میں فوری طور پر قریبی ویٹرنری مرکز یا محکمہ لائیو اسٹاک کے عملے سے رابطہ کریں تاکہ بروقت علاج اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 15

معززین شہر صحافی برادری اور دیگر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی شرکاء نے کشمیر کے مظلوم عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کشمیر بنے گا پاکستان پاک فوج زندہ باد اور بھارت کے خلاف نعرے لگائے ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس سے ہوا جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی میونسپل کارپوریشن پہنچی اور بعد ازاں واپس ڈپٹی کمشنر آفس پر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر ایس پی استا محمد حافظ معاذ الرحمن ودیگر نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم کی یاد دلاتا ہے انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام طویل عرصے سے اپنے بنیادی حقوق اور حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور پاکستان کے عوام ان کی اخلاقی سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے انہوں نے مزید کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کا نوٹس لے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا کردار ادا کرے آخر میں کشمیری بھائیوں کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 16

جانے والی سہولیات اور ان کے ثمرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس کے ساتھ ساتھ عملے کی حاضری پیشہ ورانہ اہلیت ذمہ داریوں کی تقسیم اور دفاتر میں ریکارڈ کی دستیابی و درستگی کو بھی جانچا گیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام امور منظم اور شفاف انداز میں انجام دیے جا رہے ہیں حکام نے این او سی (NOC) کی قانونی حیثیت رجسٹریشن کے تقاضوں اور حکومتی پالیسیوں وہدایات پر عملدرآمد کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر متعلقہ اداروں کے ذمہ داران سے تفصیلی بریفنگ لی گئی ان سے جاری منصوبوں کی پیش رفت، فنڈز کے استعمال اور درپیش مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل کی گئی انہیں سختی سے ہدایت کی گئی کہ تمام سرگرمیاں مکمل طور پر حکومتی قواعد وضوابط، شفافیت اور جوابدہی کے اصولوں کے تحت انجام دی جائیں مزید برآں تان لوکل ملازمین کی تعیناتیوں کا خصوصی طور پر جائزہ لیا گیا تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں حکام نے واضح کیا کہ مقامی افراد کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی سطح پر ان کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور مقامی کوٹہ کی پاسداری پر زور دیا گیا دورے کے دوران یہ بھی ہدایت کی گئی کہ تمام این جی اوز اپنی سرگرمیوں کی باقاعدہ رپورٹس ضلعی انتظامیہ کے ساتھ شیئر کریں تاکہ ان کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی ممکن ہو سکے حکام نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلعی انتظامیہ این جی اوز کے ساتھ مؤثر رابطہ اور تعاون کو یقینی بنائے گی تاکہ عوامی فلاح کے منصوبے بہتر انداز میں مکمل ہوں اور ان کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں

بقیہ 17

ملاقات میں سندھ کے امور اور مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 18

ری، عوامی خدمات کی فراہمی اور ترقیاتی ترجیحات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ کمیٹی اپنی سفارشات مرتب کر کے وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے لیے قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) کے اصولوں کی روشنی میں شفاف، منصفانہ اور پائیدار مالی وسائل کی تقسیم کے نظام کی تشکیل پر خصوصی توجہ دی گئی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے لیے این ایف سی طرز کے مالیاتی فریم ورک کی تیاری کی حمایت کرتے ہوئے اس مقصد کے لیے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی۔ کمیٹی میں وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان، قائد حزب اختلاف گلگت بلتستان اسمبلی، وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان، اٹارنی جنرل پاکستان، وزارت خارجہ، وزارت قانون وانصاف اور وزارت بین الصوبائی رابطہ کے نمائندے شامل ہوں گے۔ کمیٹی ایک ماہ کے اندر اپنی سفارشات وزیراعظم کو پیش کرے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گلگت بلتستان کے لیے گندم پر سبسڈی کا دیرینہ مسئلہ حل کر لیا گیا ہے اور وفاقی حکومت بدستور اس مد میں مالی معاونت فراہم کر رہی ہے۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے استحکام پیکیج کا بھی جائزہ لیا گیا جبکہ بتایا گیا کہ سال 2022 کے بعد وفاقی مالی معاونت میں 87 فیصد اضافہ کیا جا چکا ہے۔ گلگت بلتستان حکومت کے نمائندوں نے وفاقی حکومت کی مسلسل معاونت کو سراہا۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ وفاقی حکومت نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت گلگت بلتستان کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز میں مسلسل اضافہ کیا ہے۔ مالی سال 2024-25 میں 132.851 ارب روپے سے بڑھا کر مالی سال 2025-26 میں 150.4 ارب روپے اور رواں مالی سال 2026-27 میں مزید بڑھا کر 157.5 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جو خطے کی ترقی کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا مظہر ہے۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے توانائی کے شعبے کو درپیش مسائل، بجلی کی قلت، طلب ورسد کے فرق، ترسیلی نظام کی کمزوری اور علاقائی گرڈ کے قیام سے متعلق امور پر بھی غور کیا گیا۔ شرکاء نے قومی گرڈ سے مؤثر ربط اور قومی توانائی اداروں میں گلگت بلتستان کی نمائندگی مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ ریجنل گرڈ گلگت بلتستان فیز اول منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے۔

بقیہ 19

لیٹی کا مقصد وادی کے آبادیاتی تناسب کو تبدیل کرنا تھا۔ کشمیری اور پاکستانی قوم اس سیاہ باب کو بھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے ایکس پر جاری اپنے پیغام میں کہا 2019 میں بھارت نے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدام سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کی لیکن کشمیریوں کو انہی کی سرزمین پر اقلیت میں بدلنے کی بھارتی سازش بھی کامیاب نہیں ہوگی۔ ظلم کی رات کتنی ہی لمبی کیوں نہ ہو، بالآخر حق اور سچ کی فتح یقینی ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا یوم استحصال کشمیر کی جڑیں اکتوبر 1947 کے اس متنازع "الحاق" سے ملتی ہیں جس نے حق خودارادیت چھینا۔ دہائیوں کے مظالم، سخت لاک ڈاؤنز اور جغرافیائی تبدیلیوں کے باوجود کشمیریوں کا جذبہ حریت قائم ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے واضح کیا کہ کشمیری بہن بھائی اس جدوجہد میں تنہا نہیں، پاکستان کی غیور قوم اور ریاست ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ حق ملنے تک کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت پوری قوت سے جاری رہے گی۔

بقیہ 20

کت کی۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حق میں نعرے درج تھے جبکہ شرکاء نے کشمیر بنے گا پاکستان اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے نعرے بھی بلند کیے ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس صحبت پور سے ہوا جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی مین چوک صحبت پور پہنچی جہاں اس کا اختتام ہوا اس موقع پر مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے بھارتی تسلط اور مظالم کا سامنا کر رہے ہیں اور پاکستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کی اخلاقی سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے ریلی کے اختتام پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کی آزادی پاکستان کی ترقی وخوشحالی امن واستحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کی گئی بعد ازاں شجرکاری مہم کے تحت ایک پودا بھی لگایا گیا تاکہ ماحولیاتی تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے اس موقع پر شرکاء کو زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور ان کی حفاظت کو یقینی بنانے کی تلقین بھی کی گئی ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین نے اپنے پیغام میں کہا کہ یوم استحصال کشمیر ہمیں اس عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم کشمیری عوام کے ساتھ ہر فورم پر کھڑے رہیں گے اور ان کے جائز حق خودارادیت کے حصول تک اپنی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 21

یت کا اعادہ کیا جائے ہم من وعن کشمیری عوام کیساتھ ہیں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے اپنے خطاب میں کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے آرٹیکل 370 اور 35A کو منسوخ کر کے جموں وکشمیر کو ایک مقبوضہ علاقہ بنا دیا جو نہ صرف اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی تھی بلکہ انسانی حقوق پامالی کی لہر کا آغاز تھا اس دن کو منانے کا مقصد دنیا کو یہ باور کرانا ہے کہ کشمیری عوام آج بھی بھارتی ظلم وجبر کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں۔ پاکستان سمیت تمام باشعور انسان ان کے حق میں آواز بلند کر رہے ہیں۔ تقریب میں کشمیری عوام کیساتھ اظہار یکجہتی کیلئے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ کشمیری شہداء کو خراج عقیدت اور تحریک آزادی کو سلام پیش کیا گیا۔ ریلی شرکاء نے عالمی برادری، انسانی حقوق کی تنظیموں اور اقوام متحدہ سے مطالبہ کیا کہ وہ بھارت کو مجبور کریں کہ وہ کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دے ریلی میں تمام محکموں کے سربراہان سیاسی وسماجی شخصیات سول سوسائٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے موقع پر پولیس کی جانب سے سیکورٹی کے مؤثر انتظامات کیئے گئے۔

بقیہ 22

دوران 2 دہشت گرد مارے گئے اور ان کے خفیہ ٹھکانوں کو زمین بوس کر دیا گیا اور ان کی پناہ گاہوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے قبضے میں لے لیا اسی طرح توشکی کے علاقے میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا ان کے قبضے سے اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے قبضے میں لیکر کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 23

ن بریگیڈیئر ضرار نے پولیس شہداء یادگار پر حاضری دی، سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کے درجات بلندی، مغفرت اور ملک میں دیرپا امن واستحکام کے لیے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وطن کے امن، سلامتی اور عوام کے تحفظ کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ تقریب میں ایس ڈی پی او/ڈی ایس پی اشفاق احمد سمیت چمن سکاؤٹس اور پولیس کے افسران واہلکاروں نے شرکت کی اور شہداء کی بے مثال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے مشن کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 24

، کشمیری عوام کی جدوجہد اور حق خود ارادیت کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں سکول کے احاطے میں اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی، جس میں شرکاء نے پاکستان اور کشمیر کے پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا کر کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔ تقریب کے اختتام پر کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور پاکستان کی سلامتی، استحکام اور مقبوضہ جموں وکشمیر کی آزادی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 25

صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق حج 2027 کے سرکاری اور نجی حج اخراجات کی ادائیگی کیلئے حبیب بینک کا انتخاب کیا گیا ہے، عازمین حج کو رقم جمع کرانے کیلئے بینک برانچ جانیکی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ وہ گھر بیٹھے آن لائن بھی ادائیگی کر سکیں گے، جبکہ برانچ کے ذریعے ادائیگی کی سہولت بھی صرف حبیب بینک پر دستیاب ہوگی۔ حج 2027 کیسرکاری اخراجات کی وصولی میں متعدد بینکوں نے دلچسپی کا اظہار کیا، نیٹ ورک اور سہولیات کے معیار پر پورا اترنے کی بنیاد پر ایک بینک کا انتخاب کیا گیا۔ وزارت مذہبی امور اور حبیب بینک کے درمیان جلد باضابطہ معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے، جس کے بعد سرکاری حج اسکیم کے تمام مالی معاملات اسی بینک کے سپرد ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری حج اسکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی اگست کے وسط سے شروع ہونے کا امکان ہے، جبکہ درخواستوں کا باقاعدہ شیڈول بھی جلد جاری کیا جائے گا۔ 2027 کے کوٹہ کے تحت ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی فریضہ حج ادا کریں گے، سرکاری اسکیم کیلئے 60 فیصد اور نجی اسکیم کیلئے 40 فیصد کوٹہ مقرر ہے، سرکاری حج اسکیم کے تحت ایک لاکھ 7 ہزار 832 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے، نجی اسکیم کے کوٹے کے تحت 71 ہزار 888 عازمین حجاز مقدس جائیں گے۔

بقیہ 26

تحصال کشمیر سے متعلق نعرے درج تھے۔ ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچی۔ اس موقع پر اپنے پیغام میں ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ بھارت ظلم وجبر کے باوجود کشمیری عوام کو حق خودارادیت کی جدوجہد سے دستبردار نہیں کر سکا، ہم کشمیری عوام کی جرات، بہادری اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا، ان شاء اللہ وہ دن ضرور آئے گا جب کشمیری عوام بھارتی تسلط سے آزادی حاصل کر کے امن، وقار اور اپنے بنیادی حقوق کے ساتھ زندگی گزاریں گے۔

بقیہ 27

اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل حاجی میر ہزار خان کھیتران اور ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک آفیسر ڈاکٹر امیر جان کھیتران نے کہا کہ 5 اگست یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور بھارتی اقدامات کے خلاف عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گا اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول سے یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں شرکاء ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ شرکاء نے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے آزادی کشمیر کے حق میں نعرے لگائے اور بھارتی مظالم کی مذمت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل تک ان کی جدوجہد کی مکمل حمایت کرتا رہے گا۔

بقیہ 28

میں ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی گوادر ڈاکٹر مرشد دشتی نے ایم اینڈ ای آفیسر صابر حیاتان کے ہمراہ بنیادی مراکز صحت (بی ایچ یو) شادی بند اور گھٹی ڈور کے تفصیلی مانیٹرنگ دورے کیے۔ دوروں کے دوران طبی وپیرامیڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائٹ، ٹیلی ہیلتھ کلینک، ادویات کے دستیاب ذخیرے، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور مجموعی انتظامی امور کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر دونوں مراکز صحت کو ضروری ادویات بھی فراہم کی گئیں تاکہ مقامی آبادی کو علاج معالجے کی سہولیات میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈاکٹر مرشد دشتی نے عملے کو ہدایت کی کہ وہ مریضوں سے خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ادویات کی بروقت فراہمی، حفاظتی ٹیکہ جات، ٹیلی ہیلتھ سروسز اور دیگر بنیادی طبی سہولیات کو مزید مؤثر بناتے ہوئے عوام کو بہترین صحت خدمات فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان صحت کے شعبے کی بہتری، بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے اور دور افتادہ علاقوں تک معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جبکہ پی پی ایچ آئی بلوچستان انہی حکومتی پالیسیوں کے تحت عوام کو ان کی دہلیز پر معیاری صحت خدمات فراہم کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ 29

تقریب میں طالبات نے یوم استحصال کشمیر کی اہمیت اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے تقاریر، ملی نغمے، ٹیبلو اور دیگر خوبصورت خاکے پیش کیے، جنہیں شرکاء نے بے حد سراہا۔ مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور پاکستان کا ہر شہری ان کے حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ تقریب کا مقصد نئی نسل میں مسئلہ کشمیر کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا، کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار کرنا اور قومی جذبے کو فروغ دینا تھا۔

بقیہ 30

بدان چیمبر آف کامرس کے اعلیٰ حکام اور ایرانی تجارتی وفد کے ساتھ صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ ودیگر عہدیداران اور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران نے ایک تفصیلی اجلاس منعقد کیا جس میں ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔ اجلاس میں دونوں ہمسایہ برادر اسلامی ممالک کے تجارتی تعلقات اور اس سلسلے میں درپیش مسائل چیلنجز پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اور اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دونوں برادر اسلامی ممالک دوطرفہ تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لئے اقدامات اٹھائیں گے اجلاس کے شرکاء نے پاکستان اور ایران کے دوطرفہ تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لئے دوطرفہ اقدامات کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے لئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس کے دوران صدر کوئٹہ چیمبر محمد ایوب خان مریانی نے پاکستان اور ایران کے مابین دوطرفہ اور سرحدی تجارت سے متعلق اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے خصوصاً تفتان اور BP-250 گبد بارڈر گیٹ وے پر تجارتی گاڑیوں کی آمدورفت میں درپیش مشکلات، سرحدی راستوں پر بڑی تعداد میں پھنسے ہوئے تجارتی ٹرکوں، کسٹمز وامیگریشن سہولیات، بارڈر انفراسٹرکچر کی بہتری اور تجارت کے فروغ کے لیے درکار عملی اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دونوں ممالک کے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ، بہتر بارڈر مینجمنٹ اور تجارتی سہولتوں میں اضافہ نہ صرف دوطرفہ تجارت کے حجم میں نمایاں اضافہ کرے گا بلکہ سرحدی علاقوں کی معاشی ترقی اور کاروباری برادری کے اعتماد کو بھی مضبوط بنائے گا۔

بقیہ 31

ء نے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیری عوام کے حق میں نعرے درج تھے شرکاء کی جانب سے کشمیر بنے گا پاکستان اور پاک آرمی زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے جس سے فضا گونج اٹھی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ اور دیگر مقررین نے مقبوضہ کشمیر کے عوام سے بھرپور اظہار یکجہتی کیا انہوں نے 5 اگست 2019 کے اقدامات کو کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس دن بھارت نے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدامات کے ذریعے کشمیریوں کی خصوصی حیثیت کو ختم کیا جس کے بعد سے وہاں کے عوام مسلسل ظلم وجبر کا سامنا کر رہے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ پاکستان کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ ریلی کے اختتام پر ملک کی سلامتی، کشمیری عوام کی آزادی اور خطے میں پائیدار امن کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

بقیہ 32

رت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ربا سے پاک مالی نظام کی جانب پیش قدمی کر رہے ہیں۔ شکایات کے ازالے کیلئےخصوصی ہیلپ ڈیسک قائم کیا گیا ہے، اسلامی بینکوں کی کوئی بلز کا متبادل نظام فراہم کر دیا گیا ہے۔ کانفرنس میں علمائے کرام، ماہرین معیشت، ممتاز بینکار، مالیاتی ماہرین، صنعت کار، کاروباری شخصیات، تعلیمی اداروں کے نمائندے اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی شرکت کی۔ کانفرنس میں اسلامی مالیاتی نظام کی بڑھتی ہوئی اہمیت، پاکستان کی طویل المدتی معاشی ترقی میں اسلامی اقتصادی اصولوں کے کردار، مالیاتی جدت، پائیدار ترقی اور شریعت سے ہم آہنگ کاروباری ماڈلز پر تفصیلی سیشنز کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ 33

سیاسی جماعتوں کی نااہلی اور کرپشن کی وجہ سے ہو رہی ہے۔ ن لیگ کے چند وزراء کے علاوہ نظام نہ چلنے کی بات کی کسی نے تردید نہیں کی، پی پی پی نئے صوبوں کی بات نہیں مانتی تو کراچی کو وفاق کے تحت چلانے کا فیصلہ ہو سکتا ہے۔ ایک انٹرویو مفتاح اسماعیل نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے لیے آئین میں ترمیم کر لی جائے، جیسے 26ویں اور 27ویں ترمیم ہوئی، اس کے بعد جو چاہے صوبہ بنائیں۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی کی نئے صوبوں کی مخالفت صرف اپنی جاگیر اور حکومت بچانے کیلئے۔ اگر پی پی بات نہیں مانتی تو پھر کراچی کو وفاق کے ماتحت چلانے کا فیصلہ ہو سکتا ہے۔ اے پی پی رہنما نے کہا کہ اگر پیپلز پارٹی درمیان کا راستہ مان لیتی ہے تو، کراچی بااختیار وفاقی فنڈز ڈویژن بن سکتا ہے۔ صرف کراچی ہی نہیں، بلکہ حیدرآباد، لاڑکانہ، میرپورخاص اور نواب شاہ ڈویژن بھی ہونے چاہئیں۔ ہر ڈویژن کے شہریوں کو اختیار ہونا چاہیے کہ وہ وہاں کی حکومت چلائیں۔ مفتاح اسماعیل کا مزید کہنا تھا کہ کراچی کا حال بے حال ہے، اس کا نظام ٹھیک کرنے کی ضرورت ہے۔ دیہی سندھ میں بھی لوگ نظام کی تبدیلی چاہتے ہیں۔ حکومت سندھ کو کسی شہر کے منتخب میئر کو ہٹا کر کمشنر یا ایڈمنسٹریٹر لگانے کا اختیار نہیں ہونا چاہیے، حقیقی ووٹوں سے ان کا میئر آئے تو ٹھیک لیکن ایسے نہ آئے جیسے کراچی میں آیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ن لیگ، پیپلز پارٹی اور تحریک انصاف نے پہلے اپنے صوبوں سے لوکل گورنمنٹ کے نظام کو ختم کیا۔ ان تینوں سیاسی جماعتوں سے عوام کے لیے کسی فیض یا خیر کی امید نہیں۔

بقیہ 34

حالات پر تفصیلی بحث مباحثہ ہوا اور دونوں جماعتوں کے درمیان مشترکہ طور پر اتحاد کے لئے بھی تبادلہ خیال ہوا اور دونوں جماعتوں کے پانچ پانچ ارکان پر مشتمل دس رکنی کمیٹی تشکیل دیا گیا اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ ملکی وصوبائی حکومتیں امن کے بحالی عوام اور صوبہ بلوچستان کے عام شاہراہوں پر مسافر بسوں گاڑیوں کے تحفظ میں ناکام ہو چکا ہے ریاست کی کوئی رٹ نہیں محض مذمت کے بیانات وامن دعووں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے امن قائم ہو سکتی ہے انہوں نے کہا کہ ملک پر مسلط کردہ حکمران کی ظالمانہ پالیسیوں نے قوم کو مایوس کردیا ہے۔ سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالت کا سامنا کر رہا ہے ملک کی امن، معیشت اور سلامتی کو داؤ پر لگا دیا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران کے پاس ملک کو چلانے کی صلاحیت نہیں ہے ملک چلانے کے لیے کوہ وژن یا پالیسی نہیں ہے قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں استحصالی پالیسیوں سے اشرافیہ طبقہ کو نوازنے کیلئے غریب عوام کی امیدوں پر شب خون مارا۔ آج ملک کو سیاسی ومعاشی محاذ پر چیلنجز کا سامنا ہے آئین وقانون کی پامالی اور بدامنی سے ملک میں 71 جیسے حالات جان بوجھ کر پیدا کر رہے انہوں نے کہا کہ ملک آج جس بدامنی اور معاشی بحران اور مسائل کا سامنا کر رہی ہے پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھا ہے ملک میں امن ومعیشت کو تباہی سے دوچار کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ مقتدر قوتوں کی فیصلوں سے ملک میں نہ سیاسی استحکام آئے گا اور نہ ہی ملک کو بحرانوں سے نجات ملیگا بلکہ قوم وملک کو یکے بعد دیگرے دلدل کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ کرپشن اور شاہانہ مراعات ختم کرنے کی بجائے نئی ٹیکسز لگائی گئی مہنگائی کی چنگل سے نکالنے کی دعوے جھوٹ کا پلندہ ہے قوم پر مسلسل مہنگائی کا بوجھ لادے جا رہے ہیں۔

بقیہ 35

مقدم کرتے ہوئے سیاسی، دفاعی، اقتصادی، تعلیمی، ثقافتی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال، بالخصوص مقبوضہ مغربی کنارے میں بگڑتی ہوئی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مقبوضہ بیت المقدس میں اسلامی اور مسیحی مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے اردن کے ثابت قدم کردار اور فلسطینی عوام کی مسلسل حمایت کو سراہا۔ ملاقات میں ایران اور امریکا سے متعلق حالیہ صورتحال سمیت خطے کے مجموعی حالات پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے کشیدگی میں کمی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) سمیت دوطرفہ اور کثیر الجہتی فورمز پر قریبی رابطے برقرار رکھتے ہوئے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 36

ٹرس کے باعث بند کر دی گئی تھیں۔ بدھ کے روز وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے مسافروں کے پرزور اصرار اور ریلوے کے مفاد میں طویل عرصے سے بند 2 مسافر ٹرینیں دوبارہ بحال کرنے کا اعلان کیا ہے۔ پاکستان ریلویز کی جانب سے بابو مسافر ٹرین اور ساندل ایکسپریس کو آئندہ 2 ہفتوں کے دوران بحال کر دیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق لاہور سے لالہ موسیٰ جانے والی بابو مسافر ٹرین کو 20 اگست کو بحال کر دیا جائے گا جب کہ ملتان سے براستہ جھنگ اور سرگودھا جانے والی ساندل ایکسپریس بھی 21 اگست سے پٹڑی پر دوڑنا شروع کر دے گی۔ یاد رہے کہ یہ دونوں ٹرینیں کورونا وائرس کے باعث بند کر دی گئی تھیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ رواں سال مزید بند ٹرینیں بھی بحال کریں گے، انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وزیراعظم کے وژن کے مطابق عوام کو سفری سہولیات فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور مسافروں کی آسانیوں میں مزید اضافہ کیا جائے گا۔

بقیہ 37

شدت پسندی کے خطرات سے مشترکہ طور پر نمٹنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان کے مطابق پاکستان اور امریکہ کے درمیان انسداد دہشت گردی مکالمے کا چوتھا دور واشنگٹن میں ہوا۔ دفتر خارجہ کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک نے موجودہ سیکورٹی خطرات، باہمی تعاون بڑھانے کے امکانات، سرحدی سلامتی کو مضبوط بنانے اور شدت پسندوں کے معاون نیٹ ورکس کو ختم کرنے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوشحالی کیلئے انسداد دہشت گردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 38

انسداد دہشت گردی شراکت داری، باہمی مفادات اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ عزم پر زور دیا گیا۔ دونوں وفود نے دہشت گردی کے خدشات، سرحدی تحفظ اور دہشت گردوں کے سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے کے لیے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان اور امریکہ نے خطے میں امن کے فروغ اور شہریوں کو نشانہ بنانے والی دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مشترکہ کارروائیوں کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ مذاکرات میں خطے میں دہشت گردی میں ملوث داعش خراسان، القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان (فتنہ الخوارج)، بی ایل اے (فتنہ الہندوستان) اور ان سے وابستہ تنظیموں کے خلاف کارروائیاں مزید بڑھانے پر زور دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان اور امریکہ نے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے، عوام کے تحفظ، خطے میں امن وخوشحالی کے فروغ اور دہشت گردی کے خلاف تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ پاکستان اور امریکہ کے درمیان جاری مشترکہ اعلامیہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی قربانیوں اور دہشت گردی کے خلاف اس کی مسلسل کوششوں کا عالمی سطح پر اعتراف بھی قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 39

انسداد دہشت گردی شراکت داری، باہمی مفادات اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ عزم پر زور دیا گیا۔ دونوں وفود نے دہشت گردی کے خدشات، سرحدی تحفظ اور دہشت گردوں کے سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے کے لیے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان اور امریکہ نے خطے میں امن کے فروغ اور شہریوں کو نشانہ بنانے والی دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مشترکہ کارروائیوں کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ مذاکرات میں خطے میں دہشت گردی میں ملوث داعش خراسان، القاعدہ، تحریک طالبان پاکستان (فتنہ الخوارج)، بی ایل اے (فتنہ الہندوستان) اور ان سے وابستہ تنظیموں کے خلاف کارروائیاں مزید بڑھانے پر زور دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق پاکستان اور امریکہ نے دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے، عوام کے تحفظ، خطے میں امن وخوشحالی کے فروغ اور دہشت گردی کے خلاف تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا۔ پاکستان اور امریکہ کے درمیان جاری مشترکہ اعلامیہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی قربانیوں اور دہشت گردی کے خلاف اس کی مسلسل کوششوں کا عالمی سطح پر اعتراف بھی قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 40

یکجہتی کرتے ہوئے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر شہر کے مختلف راستوں سے گزری اور دوبارہ ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کے عزم کی تجدید کا دن ہے اور پاکستان کشمیریوں کے حق خودارادیت کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 41

آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر امن، انصاف، انسانی حقوق اور عالمی برادری کی ذمہ داری کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ہیڈ مسٹریس سحر مبین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم استحصال کشمیر منانے کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا اور انہیں یہ یقین دلانا ہے کہ پاکستانی قوم ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ امن، بھائی چارے، محبت، برداشت اور انسانیت کے احترام جیسے اعلیٰ اقدار کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں۔ تقریب کے اختتام پر کشمیر کے عوام کے لیے خصوصی دعا کی گئی، جبکہ طالبات نے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے حق خودارادیت اور پائیدار امن کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ 42

کا نے ہاتھوں میں قومی اور کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ ریلی کے دوران "کشمیر بنے گا پاکستان"، "پاکستان زندہ باد" اور "کشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی" کے فلک شگاف نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کی۔

TENDER NOTICE

TSE-2627081154533 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Irrigation Division Killa Saifullah invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF FLOOD PROTECTION WALL FOR HOUSES AND AGRICULTURE LAND AT GARHI KATKEZAI AREA DISTRICT KILLA SAIFULLAH . UNDER BSDI PHASE-III (2026-27).	29,853,295

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must have completed at least 2 similar projects (flood protection wall work) in the last 5 years. Each project should be at least 70% of the estimated cost Litigation and black listing Affidavit, (Attach affidavit on Rs. 100 non-judicial stamp paper duly attested by notary public) Green Challan of RS.1000/- in head account C03434 with the name of executive engineer irrigation division killa saifullah. Minimum Bank Credit Line / Cash equal to 70% of project cost required. Project Name & TSE No. to be mentioned. Attach Fresh Original Bank Credit Line Certificate and attested copy of Bank Account. Bid Security 2% of Estimated cost **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 24 August, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 24 August, 2026till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Executive Engineer Office Near Circuit House Killa Saifullah

Phone no: 0823610660Fax no: 0823610660
Email: irrigationkillasaifullah7002@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER
IRRIGATION DIVISION
KILLA SAIFULLAH

DPRQ/PRQ No.636/5-8-2026

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

5 اگست یوم استحصال کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے، پیغام

پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کی، نسیم الرحمن ملاخیل

5 اگست 2019 کو جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق کیے گئے یکطرفہ اقدامات نے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ 5 اگست یوم استحصال کشمیری عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق کیے گئے یکطرفہ اقدامات نے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور عالمی اصولوں پر کئی سوالات کھڑے کیے، (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

بھرتیوں میں میرٹ اور مقامی کوٹے کی پاسداری ضروری ہے، معظم جتوئی

این جی اوز کی سرگرمیوں میں شفافیت اور جوابدہی یقینی بنائی جائے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید لعل کی ہدایت پر تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی معظم جتوئی نے ڈی سی آفس نصیرآباد یونس رضا عمرانی کے ہمراہ ضلع میں سرگرم مختلف غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے دفاتر کا تفصیلی اور جامع معائنہ کیا جن اداروں کا دورہ کیا گیا ان میں بی آر ایس پی (BRSP) انڈس ہسپتال ٹی کے ایف (TKF) اسلامک ریلیف، منزل آرگنائزیشن اور برائٹ اسٹار شامل ہیں معائنے کے دوران ہر ادارے کی مجموعی کارکردگی جاری ومکمل شدہ منصوبوں کی نوعیت عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے عملی اقدامات فراہم کی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

مویشیوں کی بیماریوں کی بروقت روک تھام یقینی بنائی جا رہی ہے، ڈاکٹر صابر علی بلوچ

گوادر (خ ن) ضلعی لائیو اسٹاک آفیسر ڈاکٹر صابر علی بلوچ نے کہا ہے موجودہ صوبائی حکومت کے وژن عوام دوست پالیسی کے تحت محکمہ امور حیوانات مویشیوں کی صحت کے تحفظ، بیماریوں کی بروقت روک تھام اور لائیو اسٹاک کے شعبے کی ترقی کے لیے مؤثر اقدامات جار (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہیں، شعیب نوشیروانی

اہل بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، صوبائی وزیر معدنیات

بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہل بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

لورالائی: ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن میڈم فوزیہ درانی یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے ریلی کی قیادت کررہے ہیں

لسبیلہ ڈویژن کے عوام کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں، سائرہ عطاء

بھارتی غاصبانہ پالیسیوں کے خلاف طلبہ میں شعور اجاگر کیا جا رہا ہے

پاکستان کے دیگر علاقوں کیطرح لسبیلہ ڈویژن (بلوچستان) کے عوام بھی کشمیریوں کیساتھ کھڑے ہیں

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی ہدایت پر تینوں اضلاع لسبیلہ آواران حب میں 5 اگست "یوم استحصال کشمیر" کے موقع پر تعلیمی اداروں اور سرکاری دفاتر میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم اجاگر کرنے کیلئے خصوصی پروگرامز منعقد کیے جا رہے ہیں پرچم کشائی، تقریبات کے موقع پر مقبوضہ کشمیر کے مظلوم عوام کی حمایت اور بھارتی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

لورالائی میں یوم استحصال کشمیر پر یکجہتی ریلی، کشمیریوں کی حمایت کا اعادہ

پاکستان کشمیری عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا، ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع

لورالائی (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع کی قیادت میں قومی پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران، اہلکاروں، سول سوسا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے غیر قانونی اقدام کیا تھا

میر صادق عمرانی کا یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار

5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت نے ایک ایسا فیصلہ کیا جس کے اثرات آج بھی پورے خطے میں محسوس کیے جاتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ 5 اگست 2019ء کو بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرکے غیر قانونی اقدام کیا تھا، انہوں نے کہا کہ 5 اگست (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

کشمیر کاز کی حمایت جاری رکھیں گے، فوزیہ درانی

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے

لورالائی (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لورالائی فوزیہ درانی کی ہدایت اور نگرانی میں ضلع بھر کے تمام سرکاری گرلز مڈل اسکولوں میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی مظالم کی مذمت کی گئی۔ تقریبات میں طالبات نے یوم استحصال کشمیر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تقاریر، مباحثوں اور آگاہی پروگراموں میں بھرپور حصہ لیا۔ مقررین نے 5 اگست 2019 کے بھارتی یکطرفہ اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

کشمیریوں کی حمایت ہر سطح پر جاری رکھیں گے، مقررین

سبی (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی قیادت میں ایک شاندار یکجہتی کشمیر ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں ضلعی و انتظامی افسران، مختلف محکموں کے نمائندگان، اقلیتی برادری، سول سوسائٹی، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

ملک پر مسلط کردہ حکمران کی ظالمانہ پالیسیوں نے قوم کو مایوس کر دیا ہے

بلوچستان کے عام شاہراہوں پر مسافر بسوں گاڑیوں کے تحفظ میں ناکام ہو چکا ہے ریاست کی کوئی رٹ نہیں، مولانا عبدالقادر لونی

مسلط کردہ حکمران کی ظالمانہ پالیسیوں نے قوم کو مایوس کر دیا ہے سیاسی عدم استحکام اور بدحال معیشت سے قوم پیچیدہ حالت کا سامنا کر رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی کی قیادت میں صوبائی کنوینر مولانا قاری مہراللہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ امین اللہ کاکوزئی پر اعلیٰ سطحی وفد کے مظلوم اولسی تحریک پاکستان کے مرکزی چیئرمین حاجی محمد صادق اچکزئی سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی ملاقات میں ملکی وصو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

پاکستانی قوم ہر مشکل گھڑی میں کشمیریوں کے ساتھ ہے، سحر مبین

یوم استحصال کشمیر کا مقصد کشمیریوں سے اظہار یکجہتی ہے

بارکھان (خ ن) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گدائی رکنی میں 5 اگست یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ہیڈ مسٹریس سحر مبین کی زیر نگرانی ایک آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ آگاہی سیشن کے دوران طالبات کو 5 اگست 2019 کے پس منظر، مقبوضہ جموں وکشمیر کی تاریخی و آئینی حیثیت، اور کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کے عزم سے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

ڈی جی خان، پولیس مقابلے میں بدنام زمانہ بھتہ خور ڈاکو ہلاک، سی سی ڈی اہلکار شدید زخمی

ڈی جی خان (این این آئی) سی سی ڈی ڈیرہ غازی خان نے خفیہ اطلاع پر بدنام زمانہ بھتہ خور اور ڈاکو اکبر کھوسہ کی گرفتاری (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

کشمیری عوام حق خودارادیت کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، حافظ معاذ الرحمن

پاکستان کشمیریوں کی اخلاقی، سفارتی حمایت جاری رکھے گا

استامحمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال کے احکامات کی روشنی میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایک بھرپور یکجہتی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد اسماعیل لاشاری اسسٹنٹ کمشنر استامحمد محمد رمضان اشتیاق اور ایس پی استامحمد حافظ معاذ الرحمن نے مشترکہ طور پر کی ریلی میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران سماجی رہنماؤں اساتذہ کرام (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کی جانب سے عمران خان اور بشریٰ بی بی سے جیل ملاقات کی درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی سے جیل ملاقات کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست گزا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

پاکستان کشمیریوں کی منصفانہ جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، رومیل نعیم جان

کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ و سول سوسائٹی کے زیر اہتمام یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت اسسٹنٹ کمشنر رومیل نعیم جان نے کی ریلی میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، سیاسی وسماجی شخصیات، سول سوسائٹی اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے حق خودارا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

یہ وقت الزام لگانے کا نہیں بلکہ آزاد کشمیر میں نفرت اور تقسیم ختم کرنے کی ضرورت ہے، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے آزاد کشمیر الیکشن کمیشن پر الزام عائد کر کے ہراساں کرنے کی کوشش کی جبکہ وہاں انتخابات پی پی حکومت کی نگرانی میں ہو رہے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

خاران: ڈپٹی کمشنر منیر احمد سومرو ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کشمیری عوام کے ساتھ من وعن کھڑے ہیں، شاہنواز بلوچ

کشمیری آج بھی بھارتی ظلم کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں

قلات (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی شرکاء نے کشمیری بھائیوں کے حق میں اور ہندوستانی بربریت کیخلاف نعرے بازی کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر قلات شاہنواز بلوچ نے ریلی شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دن بھارتی حکومت کی جانب سے مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کے غیر قانونی خاتمے کو یاد رکھا جائے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حما (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

پاکستان ہر فورم پر کشمیریوں کے ساتھ کھڑا رہے گا، فریدہ ترین

صحبت پور (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور محترمہ فریدہ ترین کی قیادت میں ایک پروقار اور بامقصد آگاہی ریلی کا انعقاد کیا گیا اس ریلی کا مقصد مقبوضہ جموں وکشمیر کے مظلوم عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا اور عالمی برادری کی توجہ بھارتی مظالم کی جانب مبذول کرانا تھا ریلی میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس مختلف سرکاری محکموں کے سربراہان ضلعی انتظامیہ کے افسران سول سوسائٹی کے نمائندگان اساتذہ طلبہ وطالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات، مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

اقوام متحدہ قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے، عبدالعلیم خان

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے 5 اگست کے یوم استحصال کشمیر کو تاریخ کا سیاہ باب قرار دیتے ہوئے کہا ہے بھارتی آئینی ڈ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

احسن اقبال کی زیر صدارت گلگت بلتستان سے متعلق وزیراعظم کی جائزہ کمیٹی کا اجلاس

پائیدار ترقی اور مالیاتی استحکام کیلئے فیصلے کیے گئے

اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ وفاقی حکومت نے پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت گلگت بلتستان کے ترقیاتی منصوبوں کے لیے فنڈز میں مسلسل اضافہ کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت پر قائم گلگت بلتستان جائزہ کمیٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کے مالیاتی، انتظامی اور ترقیاتی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں اصلاحات سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں گلگت بلتستان کی طویل المدتی مالیاتی پائیداری، پن بجلی کی ترقی، توانائی کے شعبے میں اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی حکمت عملی، ڈیجیٹل رابطہ کا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا آپریشن کے دوران 2 دہشت گرد مارے گئے اور ان کے خفیہ ٹھکانوں کو زمین بوس کر دیا گیا

سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں، 4 دہشتگرد ہلاک اسلحہ بارود برآمد

انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا قبضے سے اسلحہ اور دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے قبضے میں لیکر کارروائی شروع کر دی

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی اور قلات میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے خفیہ ٹھکانے مسمار کر دیے اور وہاں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود، دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے قبضے میں لے لیا سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز نے قلات کے علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا آپریشن کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

چمن سکاؤٹس کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر ضیار پولیس شہداء یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھاتے ہوئے

شہداء کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، بریگیڈیئر ضرار

چمن (خ ن) چمن سکاؤٹس کے کمانڈنٹ بریگیڈیئر ضرار کی زیر سرپرستی چمن سٹی تھانے میں قائم پولیس شہداء یادگار پر ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کا مقصد وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا۔ تقریب کے دورا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

حج اخراجات جمع کرانے کا نظام تبدیل، ایک بینک سے ادائیگی کا فیصلہ

عازمین حج کو رقم جمع کرانے کیلئے بینک برانچ جانیکی ضرورت نہیں ہوگی

اسلام آباد (آئی این پی) حج 2027 کے اخراجات جمع کرانے کے طریقہ کار میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا ہے، سرکاری حج اسکیم کے تحت اب 14 بینکوں کے بجائے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

کشمیری عوام کی جدوجہد اور حق خودارادیت کی حمایت جاری رہے گی، اساتذہ وطلبہ

چمن (خ ن) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول چمن میں یوم استحصال کشمیر منایا گیا گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول چمن میں 5 اگست، یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایک پروقار تقریب اور اظہار یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں اساتذہ اور طلبہ نے مسئلہ کشمیر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

مذاکرات کے دوران پاک امریکہ انسداد دہشت گردی شراکت داری، باہمی مفادات اور دہشت گردی کے خاتمے کیلئے مشترکہ عزم پر زور دیا گیا

پاکستان امریکہ کے چوتھے انسداد دہشتگردی مذاکرات، مشترکہ اعلامیہ جاری

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی قربانیوں اور دہشت گردی کے خلاف اس کی مسلسل کوششوں کا عالمی سطح پر اعتراف بھی قرار دیا جا رہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور امریکہ کے درمیان چوتھے انسداد دہشت گردی مذاکرات 4 اگست 2026 کو واشنگٹن ڈی سی میں منعقد ہوئے، جس کے بعد دونوں ممالک کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق امریکی وفد کی قیادت انسداد دہشت گردی کے کوآرڈینیٹر سفیر گریگوری لوگیرفو جبکہ پاکستانی وفد کی قیادت سفیر نبیل منیر نے کی۔ مذاکرات کے دوران پاک امریکہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

پاکستان، امریکہ کا انسداد دہشت گردی تعاون مزید مضبوط بنانے کا عزم

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور امریکہ نے انسداد دہشت گردی کے شعبے میں تعاون مزید مضبوط بنانے اور خطے کو درپیش (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا، حبیب احمد بنگلزئی

پاکستان ہر سطح پر کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، ڈی سی چمن

چمن (خ ن) یوم استحصال کشمیر: ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں اظہار یکجہتی ریلی، کشمیری عوام کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں ڈی سی کمپلیکس چمن سے ایک عظیم الشان اظہار یکجہتی ریلی نکالی گئی، ریلی میں ڈی ایس پی اشفاق احمد قبائلی عمائدین، مشران، مختلف سرکاری محکموں کے افسر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

پاکستان کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، سلمان علی بلیدی

سوراب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سلمان علی بلیدی کی قیادت میں شاندار یکجہتی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر سوراب شئے اکبر علی، مختلف ضلعی محکموں کے افسران، اساتذہ، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے کشمیری عوام سے اظہا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

وزارت ریلوے کا 2 مسافر ٹرینیں دوبارہ بحال کرنے کا اعلان

اسلام آباد (آئی این پی) وزارت ریلوے نے 2 مسافر ٹرینیں دوبارہ بحال کرنے کا اعلان کر دیا ہے، دونوں ٹرینیں کو روانا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر شہر کی مختلف شاہراہوں پر پوسٹرز اور بینرز لگائے گئے ہیں

کشمیریوں کے حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھیں گے، حاجی میر ہزار خان کھیتران

مسئلہ کشمیر کا منصفانہ حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ہونا چاہیے

بارکھان (خ ن) یوم استحصال کشمیر کے موقع پر گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول بارکھان میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے ان کی جدوجہد آزادی کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بارکھان تھے، جبکہ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نوید لطیف، پرنسپل حاجی میر ہزار خان کھیتران، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر، ڈسٹرکٹ لائیو سٹاک آفیسر ڈاکٹر امیر جان کھیتران، ڈسٹرکٹ سوشل ویلفیئر آفیسر پائند خان کھیتران، دیگر ضلعی افسران، اساتذہ کرام، طلبہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

بھارت ظلم کے باوجود کشمیریوں کی جدوجہد نہیں دبا سکا، خالد خان

کشمیریوں کی جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی ہدایت پر یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی، اسسٹنٹ کمشنر دھیرج کارہ، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن احمد نواز بنگ، مختلف ضلعی محکموں کے سربراہان و نمائندگان، سول سوسائٹی اور اقلیتی برادری کے افراد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی اور کشمیری پرچم اٹھا رکھے تھے جبکہ بینرز پر یوم ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

دور دراز علاقوں میں معیاری طبی سہولیات یقینی بنائیں گے، ڈاکٹر مرشد دشتی

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن کے مطابق دور دراز علاقوں کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت اور پی پی ایچ آئی بلوچستان کی نگرانی کا عمل مؤثر انداز میں جاری ہے۔ اسی سلسلے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

کشمیری عوام کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، صاحبزادہ نجیب اللہ

سوراب (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی زیر نگرانی یوم استحصال کشمیر کے موقع پر ضلع سوراب کے مختلف گرلز اسکولوں کی طالبات نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول سوراب میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

پاکستان کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے، بہادر خان کھوسہ

بھارت کے 5 اگست کے اقدامات کشمیریوں کے حقوق کی خلاف ورزی ہیں

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورید لعل کے احکامات کی روشنی میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ و ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خلیل احمد کی سربراہی میں ایک بھرپور یکجہتی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی میں مختلف ضلعی محکموں کے افسران اساتذہ کرام طلباء و طالبات سول سوسائٹی کے نمائندگان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور مقررہ راستوں سے ہوتی ہوئی اللہ ہو چوک پہنچی جہاں سے واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

پاکستان اور ایران کا دوطرفہ تجارت کی راہ میں رکاوٹیں دور کرنے پر اتفاق

اسلام آباد میں پاک۔ایران تجارتی وفد کا اہم اجلاس، سرحدی تجارت کے فروغ پر زور

اسلام آباد/کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمہ کے لئے دوطرفہ اقدامات کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ دونوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان تجارت کو مزید فروغ دینے کے لئے ہر ممکن کوششوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) کے ہیڈ آفس میں ایران کے وزیر صنعت وتجارت محمد اتابک، ایران چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری، مائنز اینڈ ایگریکلچر، زا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPIs) کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسحاق ڈار کی اردن کے نائب وزیر اعظم سے ملاقات

دونوں رہنماں نے کشیدگی میں کمی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا

دوطرفہ تعلقات میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا خیرمقدم

عمان (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان میں مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر اردن کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ ایمن الصفادی سے ملاقات کی۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور اردن کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا خیر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

پورا نظام بگڑا ہوا ہے، اسے بدلنے کی ضرورت ہے، ندیم افضل چن

لاہور (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ندیم افضل چن نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنے علاقے کے دو ٹرانسفارمر ٹھیک کروائے دونوں پیسے دے کر ٹھیک کروائے، اپنی زمین کی فرد حاصل کرنے کیلئے بھی رشوت دینا پڑی۔ بجلی گیس کے میٹر بغیر پیسے کے نہیں لگوا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

حکومت کیساتھ ملکر اسلامی بینکاری کیلئے کام کر رہے ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک

بیرون ملک سے رقوم بھیجنے والوں کو مزید سہولیات فراہم کریں گے، جمیل احمد کا خطاب

کراچی (آئی این پی) گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مل کر اسلامی بینکاری کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں، بیرون ملک سے رقوم بھیجنے والوں کو مزید سہولیات فراہم کریں گے۔ وہ کراچی میں سیلانی اسلامک فورم کانفرنس سے ورچوئل خطاب کر رہے تھے۔ گورنر اسٹیٹ بینک نے کہا کہ اسٹیٹ بینک فری لانسرز کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے بھی کام کر رہا ہے۔ بیرون ملک سے رقوم بھیجنے والوں کو مزید سہولیات فراہم کریں گے۔ گزشتہ سال زرمبادلہ ذخائر 41.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئے تھے۔ جمیل احمد نے اسلامی بینکاری کیلئے اقدامات کرنے کی ضرو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

پیپلز پارٹی نہ مانی تو کراچی وفاق کے ماتحت ہو سکتا ہے، مفتاح اسماعیل

کراچی (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر اور عوام پاکستان پارٹی کے رہنما مفتاح اسماعیل نے بھی وزیر داخلہ محسن کے بیان کی تائید کرتے ہوئے کہا ہے کہ محسن نقوی نے جو بات کی وہ درست ہے، وزیر آئے، درست آئے۔ سسٹم کی ناکامی اور نئے صوبوں کی بات (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، اسلم بلوچ، پھلین بلوچ، رحمت صالح بلوچ، چنگیز حئی بلوچ، کلثوم نیاز بلوچ نیشنل پارٹی میں پنجگور کے سیاسی و سماجی شخصیات حسین شاہ بلوچ اور دیگر نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام شمولیت کے موقع پر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹیڈ روڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com